Part 1

ترجمہ

ظہیر حسن قدوسی قاسمی

(M.A., M.Phil.)

اس نئے ایڈیشن کی خصوصیات:

- اس مرتبہ اردو ایڈیشن کو بہتر اور ممتاز بنانے کے لئے مکمل طور پر جدید طریقے سے آراستہ کیا گیا ہے۔
- عام فہم انداز بیان کے ساتھ انگریزی سکھانے کے لئے ریپڈیکس سسٹم کو اپنایا گیا ہے۔
- اردو ایڈیشن میں کافی ترمیم کے بعد ایسے مفید مضامین کا اضافہ کیا گیا ہے جن کی بہت ضرورت محسوس ہوتی ہے۔
- مختلف مواقع پر عام بول چال میں استعمال ہونے والے چنندہ جملوں کو بطور مشق ایک CD میں کیا گیا ہے جو آپ کو اس کے ہمراہ ملے گی۔
- CD میں دئے گئے جملے اور مضامین کی CD اسکرپٹ (CD Script) کتاب کے آخر میں گلابی صفحات میں دی گئی ہے۔

Published by:
Rapidex PUBLICATIONS

An Imprint of
Pustak Mahal®
J-3/16, Daryaganj, New Delhi-110002
☎ 23276539, 23272783, 23272784 • *Fax:* 011-23260518
E-mail: info@pustakmahal.com • *Website:* www.pustakmahal.com

Sales Centre

- 10-B, Netaji Subhash Marg, Daryaganj, New Delhi-110002
  ☎ 23268292, 23268293, 23279900 • *Fax:* 011-23280567
  E-mail: rapidexdelhi@indiatimes.com
- Hind Pustak Bhawan
  6686, Khari Baoli, Delhi-110006
  ☎ 23944314, 23911979

Branches

Bengaluru: ☎ 080-22234025 • *Telefax:* 080-22240209
E-mail: pustak@airtelmail.in • pustak@sancharnet.in
Mumbai: ☎ 022-22010941, 022-22053387
E-mail: rapidex@bom5.vsnl.net.in
Patna: ☎ 0612-3294193 • *Telefax:* 0612-2302719
E-mail: rapidexptn@rediffmail.com
Hyderabad: *Telefax:* 040-24737290
E-mail: pustakmahalhyd@yahoo.co.in

'RAPIDEX' Trade Mark Registration No. 318345//Dt. 6.9.76

ISBN 978-81-223-0030-7

7th fully revised and enlarged edition
Reprint: Feb, 2011

Printed at: Unique Colour Cartoon, Delhi

RAPIDEX ENGLISH SPEAKING COURSE
A book published in 13 Indian Regional Languages and Three International Languages. ———— 14

ریپڈیکس انگلش اسپیکنگ کورس

آپ کا پسندیدہ ''ریپڈیکس انگلش اسپیکنگ کورس'' کا اب بالکل جدید ایڈیشن بہت کچھ اضافے کے ساتھ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ اس نئے ''ریپڈیکس انگلش اسپیکنگ کورس'' کو تیار کرنے کے لئے جہاں ہم نے ہزاروں لوگوں کے بیچ تحقیق و تفتیش کی، ان کے مسائل کو جانا، وہیں انگریزی زبان کے ماہر و تجربہ کار اساتذہ کے صلاح و مشورے سے اس کو مرتب کیا ہے جو یقیناً نئی صدی کے لئے ایک قیمتی تحفہ ہے۔ اس میں زبان و بیان اور مضامین و مشق۔ ہر اعتبار سے ندرت ہے۔ یہ ندرت مطالعہ کے درمیان عیاں ہوتی جائے گی۔

اس نئے کورس میں اگرچہ انگریزی سکھانے کے لئے ریپڈیکس سسٹم کو ہی اپنایا گیا ہے (کیونکہ یہ طریقہ آج بھی ہر نہج سے مفید ہے) مگر ہر طرح سے تصحیح کے بعد۔

اس نئے کورس کے Conversation section میں زبان کے نقطہ نظر سے انگریزی زبان میں نئے قابل قبول الفاظ کو اپنانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ قارئین کو آج اور مستقبل میں بھی کسی طرح کی احساس کمتری کی شکایت نہ ہو۔ اس طریقے سے آپ کو کم الفاظ میں اپنے مافی الضمیر کی ادائیگی کی صلاحیت بھی پیدا ہو جائیگی۔ بات چیت کو اور زیادہ کارآمد بنانے کے لئے اس بات کا خاص دھیان رکھا گیا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ ایسے حصوں کا احاطہ کرے جو ذاتی اور سماجی تو ہوں، ہی ساتھ ہی کیریئر سے جڑے ہوئے بھی ہوں۔ اس طرح ایک عام خانگی خاتون یا ملازم پیشہ خاتون اسکول/کالج کا طالب علم ہو یا کیریئر تلاش کرنے والا نوجوان، اسٹو تو ہو یا افسر، مال بیچتا ہوا دکاندار یا خریدار ــــــ یہ کورس ہر ایک کے لئے یکساں مفید ہے۔

درمیان میں بہت سے مفید جملے ملیں گے۔ آپ ان کی مشق کر کے کام چلاؤ انگریزی تو بول ہی سکتے ہیں اگرچہ ایسی صلاح تو ہم کبھی نہیں دیں گے۔ ہم تو چاہیں گے کہ آپ پوری کتاب پڑھ کر اس کی مشق کریں صحیح اور اچھی انگریزی بولیں۔ آپ کو اس قابل بنانا ہی کتاب کا اصل مقصد و مدعا ہے۔

اس نئے کورس میں کچھ ایسے طریقے بھی بتائے گئے ہیں جنہیں اپنا کر آپ صحیح وقت پر صحیح لفظ نہ چن پانے کی پریشانی سے بھی بچ سکتے ہیں۔ جیسے کہ ایسی حالت میں انگریزی الفاظ کی جگہ اپنی مادری زبان کے الفاظ کا استعمال کر کے۔ آپ اپنی کمی کو ہی نہیں چھپا لیتے، بلکہ جدید رواں انگریزی بولنے والوں کے زمرے میں بھی آجاتے ہیں۔

اس نئی کورس کٹ کے ساتھ ''ریپڈیکس ایجوکیشنل کنورسیشن CD'' دی جا رہی ہے۔ اس CD میں انگریزی الفاظ، ہفتے اور مہینوں کے نام، 1 سے 100 تک کی گنتی کے صحیح تلفظ اور خطاب، شکریہ، مبارکباد، معذرت، حمایت و نفی جیسے جذبات کو اظہار کرنے والے ایسے ضروری جملے ہیں جن کا استعمال ہم روز ہی کیا کرتے ہیں۔ اور اس کے علاوہ اس میں تعارف، پارٹی، راستہ پوچھنا، سکریٹری، بوس، دکاندار کو شکایت، انٹرویو، لڑکے لڑکیوں کے شادی سے متعلق گفتگو، کالج میں لڑکے لڑکیوں کے درمیان گفتگو جیسی خاص مواقع پر ہونے والی بات چیت کے جملے ہیں۔

کتاب پڑھنے کے بعد، دیئے گئے اشارات کے مطابق اگر CD کے ساتھ آپ مشق کریں گے تو ہمارا یقین ہے کہ آپ کو انگریزی بولنے کی ہچک بالکل ختم ہو جائے گی۔ اس طرح یہ CD آپ کو جہاں انگریزی کا صحیح تلفظ سکھائے گی وہیں بولنے کی ہچک کو بھی ختم کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔

اگر یہ کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا کہ ''ریپڈیکس انگلش اسپیکنگ کورس'' اپنی خصوصیات کی بنا پر مستقبل میں کامیاب زندگی کے لئے ایک ضروری کورس بن جائے گا۔ کیونکہ یہ کورس صرف آپ کو انگریزی بولنا اور لکھنا ہی نہیں سکھائے گا بلکہ آپ کی پوری شخصیت کی تشکیل بھی کرے گا۔

آپ نے جس طرح ۲۵ سالوں سے اس کورس کو سراہا ہے اور اس کے لمبے کامیاب سفر میں وقت وقت پر دیئے گئے مشوروں اور ناقدانہ تبصروں کے ذریعہ حوصلہ افزائی کی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ویسا ہی پیار اس نئے ترمیم شدہ ایڈیشن کو بھی ملے گا۔

فہرست مضامین Contents

ضمیمہ-1 (APPENDIX-I) 1-

آیئے شروع کریں

دوستو! اس کورس میں آپ کا خیر مقدم ہے'

یہ کوئی عام کورس نہیں ہے کیونکہ یہ ہزاروں لوگوں کے بیچ کی گئی کھوج اور انگریزی زبان کے ماہر اساتذہ کے برسوں کے تجربات کا نچوڑ ہے۔ اسی کے ساتھ قارئین کے بیش قیمت تاثرات اور مشورے کے مطابق اس کی تجدید کی گئی ہے جسے آپ صرف پڑھ کر دیئے گئے اشارات کی مشق کر کے ہی محسوس کر سکیں گے۔

60 دنوں کے اس کورس کو تیار کرتے وقت ہم نے دو باتوں کو اپنے سامنے خاص طور پر رکھا تھا ایک تو یہ کہ آپ روانی کے ساتھ انگریزی بولنے لگیں، دوسرے یہ کہ انگریزی زبان کا مزاج، جملے کی ساخت تلفظ، رموز اوقاف وغیرہ کی تدریجی معلومات ہو۔ اس طرح یہ کورس آپ کو انگریزی بولنا اور لکھنا دونوں سکھائے گا۔

اس کورس کے ذریعہ آپ 60 دنوں کا سفر طے کریں گے جس کی چھ منزلیں ہونگی ہر دس دن ایک اکائی (unit) ہے۔ اس طرح اس کی چھ اکائیاں (unit) ہوئیں۔ ہر ایک اکائی کا آخری دن یعنی 10واں، 20 واں، 30 واں............ وغیرہ مشاقی کا دن ہے۔ انھیں دنوں میں آپ کو نئی یا اس کے علاوہ بھی جانکاری ملے گی۔ ان میں tests, exercises اور tables کی مدد سے آپ اپنی جانچ بھی خود کر سکیں گے کہ آپ نے کتنا سیکھا ہے۔

ویسے تو اس کورس میں شامل کئے گئے سبھی جملے ضروری ہی ہیں مگر کچھ ایسے جملے جو روزمرہ استعمال کئے جاتے ہیں۔ اور کچھ مشہور جملوں کی بھی جا بجا نشاندہی کر دی گئی ہے تعداد میں کم ہونے کی وجہ سے ان جملوں کو جلد اور بآسانی یاد کیا جا سکتا ہے۔ آپ ان کا عام بات چیت میں استعمال کر کے لوگوں پر اپنی دھاک جما سکتے ہیں۔

کسی بھی زبان کا اچھا جاننے والا اُس زبان میں پورے اعتماد کے ساتھ بول پائے، یہ ضروری نہیں جب تک دل میں یہ خوف بنا رہے گا کہ لوگ کیا کہیں گے تب تک آپ بات چیت میں اٹکیں گے۔ اسی طرح اگر آپ کا تلفظ صحیح نہیں ہوگا تو آپ کی 'لوگ ہنسی اڑائیں گے' کے ڈر سے بولنے میں ہچک محسوس کریں گے یا پھر صحیح وقت پر صحیح بات نہیں کہہ پائیں گے۔ بات چیت میں ہونے والی انہیں پریشانیوں سے بچنے کے لئے کتاب کے ساتھ جو CD آپ کو دی گئی ہے اس کا 16 صفحات کا اسکرپٹ کتاب کے آخر میں دیا گیا ہے۔ اس کے شروع میں اشارے دیئے گئے ہیں آپ انہیں پڑھیں اور CD کے ساتھ ساتھ صحیح تلفظ کی مشق کریں۔ یقیناً تھوڑی مدت کی مشق کے بعد آپ کو اپنے پر اعتماد محسوس ہوگا اور انگریزی بولنا اتنا فطری لگے گا جیسے آپ اپنے مادری زبان بول رہے ہیں۔

یہاں ایک بات خصوصی توجہ کے لائق ہے کہ کتاب کو پڑھے بغیر CD کا استعمال نہ کریں اس سے فائدہ کی جگہ نقصان ہو سکتا ہے کیونکہ یہ CD کتاب ہی کا ایک حصہ ہے۔ آپ کو انگریزی سکھانے کے لئے اپنے آپ میں یہ CD مکمل نہیں ہے۔ اس کورس کو تیار کرتے وقت پوری طرح نفسیات انسانی کو مدّ نظر رکھا گیا ہے۔ آپ کو 60 دنوں کے بعد پُر مسرت تعجب ہوگا یہ جان کر کہ انگریزی بولنا لکھنا تو کوئی مسئلہ ہی نہیں تھا لیکن یہ ساٹھ دنوں کے بعد کا تجربہ ہے۔ یہاں تک پہنچنے کے لئے آپ کو پہلے ان شرائط کی پابندی کرنی ہوگی :

1. سب سے پہلے مصمم ارادہ کرنا ہوگا، پھر
2. اس پختہ ارادہ کے پائے تکمیل تک پہنچانے کے لئے محنت کرنی ہوگی اور
3. اس کوشش کو تب تک جاری رکھنا ہوگا جب تک کہ آپ اپنے مقصد تک پہنچ نہیں جاتے۔

اور ہمیں پورا یقین ہے کہ ان تین شرائط کو ماننے کیلئے آپ پوری طرح سے تیار ہیں۔ بس سمجھ لیجئے آپ انگریزی بولنے کے ہنر میں ماہر ہو گئے۔ انگریزی میں ایک مقولہ ہے Well begun is half done یعنی صحیح شروعات کام کی نصف تکمیل ہے۔

تو آیئے چلئے ہمارے ساتھ پہلے مرحلہ میں آپ کا تعارف ہوگا انگریزی میں آداب والقاب، تہذیب واقدار، جذبات واحساسات والے الفاظ سہل و مختصر جملے اور فعل کے تینوں زمانے بغیر قواعد کی دماغ سوزی کے۔ اسی کے ساتھ آگے ہر ایک دن کچھ بولنے کے لئے ہوگا کچھ سیکھنے کے لئے ہوگا، اور کچھ مشق کے لئے جو کہ آپکو ساتھ ساتھ سمجھایا جائے گا۔

ہماری نیک خوہشات آپ کے ساتھ ہیں خدا کرے اس سفر میں منزل بمنزل کامیابی آپ کا قدم چومتی رہے۔

1st Day پہلا دن

پہلی منزل (1st Expedition)

آیئے! پہلا دن آداب و تعظیم سے شروع کریں۔ بھارت میں سبھی مواقع پر الفاظ سلام 'نمستے یا نمسکارم' کہہ کر مخاطب کیا جاتا ہے۔ مسلمان 'السلام علیکم' یا 'آداب' اور سکھ آپس میں ملنے پر 'ست سری اکال' کہتے ہیں۔ مگر انگریزی میں ایسا نہیں ہے۔ اس میں دن کے الگ الگ اوقات پر الگ الگ الفاظ سے سلام کرنے کا طریقہ رائج ہے۔

گفتگو میں آداب و تعظیمی جملے

اپنے سے، بڑے رشتے داروں و اعلیٰ عہدہ داروں کے ساتھ

صبح سے لے کر دوپہر بارہ بجے تک

۱. آداب عرض ہے، دادا جان! — Good morning, Grandpa! گڈ مارننگ، گرینڈ پا!

۲. آداب عرض، والد صاحب! — Good morning, Dad! گڈ مارننگ، ڈیڈ!

۳. آداب، سر! — Good morning, Sir! گڈ مارننگ، سر!

دوپہر کے بارہ بجے سے شام پانچ بجے تک

۴. آداب عرض ہے، دادی جان! — Good afternoon, Grandma! گڈ آفٹرنون، گرینڈ ما!

۵. آداب عرض ہے، امی جان! — Good afternoon, Mummy! گڈ آفٹرنون، ممی!

۶. آداب، بیٹی! — Good afternoon, dear! گڈ آفٹرنون، ڈیئر!

شام پانچ بجے کے بعد

۷. آداب عرض ہے، چچا جان! — Good evening, Uncle! گڈ ایوننگ، انکل!

۸. آداب عرض ہے، چچی جان! — Good evening, Auntie! گڈ ایوننگ، انٹی!

۹. آداب، بیٹے! — Good evening, dear! گڈ ایوننگ، ڈیئر!

رات کو رخصت ہونے کے وقت

۱۰. شب بخیر، خدا حافظ! — Good night! گڈ نائٹ!

Sweet dreams,darling! سوئیٹ ڈریمز، ڈارلنگ!

دن میں کسی بھی وقت رخصت ہوتے وقت

۱۱. اچھا جناب، اب اجازت دیجیے! — Good day to you, Sir! گڈ ڈے ٹو یو، سر!

ملاقات پر

۱۲. آپ سے ملکر بڑی مسرت ہوئی! — Pleased to meet you! پلیز ٹو میٹ یو!

کسی بھی وقت (Informal greetings) اپنے دوستوں اور برابری کے لوگوں کے ساتھ

۱. ہائے سیمی! — Hi Simi! ہائی سیمی!

۲.	ہائے انکور!	Hi Ankur!	ہائی انکور!
۳.	ہلو انکل!	Hello Uncle!	ہیلوانکل!
۴.	ہلو نشی!	Hello Nishi!	ہیلونیشی!
۵.	ہلو کش!	Hello Kush!	ہیلوکش!
۶.	ہلو مسز مہرا!	Hello Mrs. Mehra!	ہیلومسز مہرا!

نوٹ : اگر تعلق بے تکلفانہ ہو تو 'ہلو' اور 'ہائی' کا استعمال اپنے سے بڑوں کے ساتھ بھی کیا جاسکتا ہے۔

رخصت کے وقت:

۱.	اچھا چلتے ہیں، بچو!	Goodbye, children!	گڈبائی، چلڈرن!
۲.	اچھا!	Bye, bye!	بائی بائی!
۳.	چلتے ہیں، پیارے!	Farewell, dear!	فیئر ویل، ڈیئر!
۴.	اچھا، پھر ملیں گے!	Bye, see you./So long!	بائی، سی یو/ سولونگ!

برائے یادداشت (To Remember)

اردو اور انگریزی میں طرز تخاطب کا فرق

A

انگریزی میں :

۱. گرینڈ فادر Grandfather کو مختصراً گرینڈپا Grandpa کہتے ہیں۔

۲. فادر Father کے لئے ڈیڈ Dad یا ڈیڈی Daddy کا بھی استعمال ہوتا ہے

۳. گرینڈ مدر Grandmother کو مختصراً گرینڈما Grandma کہتے ہیں۔

۴. مدر Mother کے لئے Mom ممی (Mummy) کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

B

انگریزی میں :

۱. چچا، تایا، ماموں، خالو، پھوپا......سبھی کو صرف انکل (Uncle) کہا جاتا ہے۔

۲. چچی، تائی، ممانی، پھوپی، خالہ......ان تمام رشتوں کو آنٹ یا آنٹی (Aunt, Aunty or Auntie) کہا جاتا ہے۔

۳. کسی آدمی کی تعظیم اور عزت افزائی کے لئے سر (Sir) کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔

۴. کسی بھی عورت کی تعظیم و تکریم کے لئے میڈم (Madam) کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔

۵. چچازاد، ماموں زاد، پھوپھی زاد، تایازاد، خالہ زاد بھائی یا بہن کے رشتہ کے لئے صرف کزن (Cousin) کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ Cousin Brother/Cousin Sister نہیں۔

۶. شوہر (Husband) ہزبینڈ کو مختصراً (Hubby) 'ہبی' کہتے ہیں۔

۷. شادی شدہ عورت کے نام یا عرف سے پہلے مسز (Mrs) اور غیر شادی شدہ عورت کے لئے مس (Miss) کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مس (Ms) کا استعمال شادی شدہ و غیر شادی شدہ کسی بھی عورت کے نام سے پہلے کیا جاسکتا ہے۔

2nd Day دوسرا دن

(Good Manners in English) انگریزی میں خوش اخلاقی

انگریزی زبان سیکھنے کے ساتھ ساتھ اس کے آداب وتہذیب کی معلومات بھی ضروری ہے۔ انگریز بات چیت میں تہذیبی اقدار کے بڑے پابند ہوتے ہیں۔ بار بار کچھ مخصوص منکسر الفاظ کا استعمال ان کی گفتگو کا خاص امتیاز ہوتا ہے کہ بات کو کیسے کہیں، کن الفاظ کا استعمال کریں۔ ایسی ہی کچھ ضروری باتوں کی معلومات اس سبق میں دی گئی ہے۔

A

اردو زبان کی طرح انگریزی میں دورانِ گفتگو نام کے ہمراہ 'جی' یا 'صاحب' لگانے کا رواج نہیں ہے اور نہ 'آپ' یا وہ جیسے تعظیمی الفاظ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اسی طرح بات چیت کے درمیان 'میں' کیلئے ہم بھی نہیں استعمال کیا جاتا۔ اسی تعلق سے اردو داں طبقہ کو یہ کہتے سنا گیا ہے کہ انگریزی خشک زبان ہے۔ اس میں بزرگوں اور بڑوں کو بھی 'تم' یو (You) سے مخاطب کیا جاتا ہے۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ انگریزی بالکل ہی روکھی اور خشک زبان ہے۔ صرف اتنا سمجھ لیجئے وہاں 'آپ' اور 'وہ' لفظ نہیں ہیں۔ ویسے بات بات پر آداب جتانے کا انگریزی زبان میں ایک طریقہ رائج ہے۔ صحیح انگریزی جاننے کے لئے اس بات کو ذہن نشین کر لیجئے۔ انگریزی کے ان الفاظ کو پھر سے دہرایئے۔ ان الفاظ میں مکمل انگریزی تہذیب سمائی ہوئی ہے۔ یہ انگریزی زبان کے بڑے اہم الفاظ ہیں۔

1. Please پلیز
2. Thanks تھینکس
3. Welcome ویلکم
4. Kindly کائنڈلی
5. Allow me الاؤمی
6. After you آفٹریُو
7. Sorry سوری
8. Excuse me ایکس کیوُزمی
9. Pardon پارڈن
10. That is alright دیٹ از اول رائٹ
11. It's my pleasure اٹس مائی پلیزر

١. اگر آپ کو کسی سے قلم حاصل کرنا ہو یا پانی طلب کرنا ہو یا وقت معلوم کرنا ہو یا پھر کسی کو جواب میں ہاں کہنا ہو تو آپ کو جملوں میں پلیز (Please) استعمال کرنا ہوگا۔ اگر آپ پلیز (Please) یا کائنڈلی (Kindly) وغیرہ یکساں معنی والے الفاظ کا استعمال نہیں کرتے ہیں تو آپ غیر مہذب اور بد اخلاق تصور کئے جائیں گے۔ اردو میں آپ یوں بھی کہہ دیتے ہیں :

١. ذرا اپنا قلم دینا۔ ٢. ایک گلاس پانی۔ ٣. کیا بجا ہے؟ ٤. ہاں، پی لوں گا۔

لیکن اردو کی طرح اگر آپ انگریزی میں مندرجہ ذیل جملے بولیں گے تو کوئی انگریزی داں پہچان لے گا کہ کوئی غیر مہذب بول رہا ہے یا کوئی غیر ملکی نو آموز بول رہا ہے جو آدابِ گفتگو سے نابلد ہے۔

1. Give me your pen. گیومی یور پین۔
2. Give me a glass of water. گیومی اے گلاس آف واٹر۔
3. What is the time? واٹ از دی ٹائم؟
4. Yes, I will drink it. یس، آئی ول ڈرنک اٹ۔

اور اگر آپ کہیں گے :

1. May I have your pen, please? مے آئی ہیو یور پین، پلیز؟
2. A glass of water, please. اے گلاس آف واٹر، پلیز۔
3. Time, please? ٹائم، پلیز؟
4. Yes, please. یس، پلیز۔

اگر آپ ان جملوں کو اس طرح بھی ادا کریں گے تو یہ سمجھا جائے گا کہ کوئی مہذب شخص بول رہا ہے :

1. May I borrow your pen, please? مے آئی بورو یور پین، پلیز؟
2. Give me a glass of water, please. گیو می اے گلاس آف واٹر، پلیز۔
3. What is the time, please? واٹ از د ٹائم پلیز؟

۲. (ا) اگر کسی آدمی نے آپ کا معمولی سا بھی کام کیا ہے۔ مثال کے طور پر، آپ نے وقت معلوم کیا یا مکان کا پتہ دریافت کیا اور اس نے بتا دیا تو اسے آپ Thank you کہنا نہ بھولئے۔ ہاں آپ تھینکس Thanks بھی کہہ سکتے ہیں اگر آپ اس پر مزید شکریہ ظاہر کرنا چاہیں تو آپ یہ کہہ سکتے ہیں: مینی مینی تھینکس ٹو یو؟ Many many thanks to you. یا تھینک یو وری مچ Thank you very much.

(ب) کوئی آپ سے کچھ لینے کو کہے لیکن آپ کو لینے کی خواہش نہ ہو تو آپ اپنے انداز میں یہ نہ کہئے کہ "بس بس" آئی ڈونٹ وانٹ ٹو ٹیک مور۔ I don't want to take more. اس کے بجائے آپ اس طرح کہئے "نو تھینکس" No, thanks.

۳. آپ نے کسی کا کوئی معمولی سا بھی کام کیا۔ اس نے آپ سے تشکرانہ انداز میں تھینک یُو (Thank you) کہا تو انگریزی میں سلسلۂ کلام یہیں پر ختم نہیں ہو جاتا بلکہ تھینکس (Thanks) سن کر آپ خاموش رہ جائیں گے تو آپ انگریزی سوسائیٹی میں بڑے غیر مہذب یا مغرور کہلائیں گے۔ اسکے جواب میں آپ کو مزید یہ الفاظ ادا کرنے ہوں گے:

	It's* all right.	(اٹس آل رائٹ)	سب ٹھیک ہے۔
یا	1. No mention.	(نو منشن)	کوئی بات نہیں۔
یا	2. It's fine.	(اٹس فائن)	سب ٹھیک ہے۔
یا	3. My pleasure.	(مائی پلیژر)	اسمیں میری خوشی ہے۔
یا	4. Welcome/you're welcome.	(ویلکم/یو آر ویلکم)	زہے نصیب۔

مذکورہ بالا پانچ جملوں سے آپ خود اندازہ کر سکتے ہیں کہ آخری جملے میں زیادہ نرمی اور انکساری ہے۔ ویسے اوپر کے دونوں جملے بھی کافی استعمال ہوتے ہیں۔

۴. اگر کوئی آپ سے کسی شئے کو طلب کرے اور آپ دینے پر رضا مند ہوں تو اردو میں آپ کہیں گے لے لیجیے مگر اسی طرح آپ نے انگریزی میں کہہ دیا 'ٹیک اٹ' (Take it) تو فوراً شناخت ہو جائے گا کہ آپ ادب سے ناواقف ہیں۔ اس لئے آپ کہیں گے :

With great pleasure. ود گریٹ پلیژر

Yes, you are welcome. یس یو آر ویلکم

۵. اگر آپ کسی کی خدمت یا مدد کے خواہش مند ہیں تو اپنی خواہش ظاہر کرنے کا انگریزی میں الگ طریقہ ہے۔ مثلاً آپ کو کسی عورت کی گود سے اس کا بچہ لینے کی خواہش ہے یا پھر کسی ضعیف شخص کا وزنی تھیلا اٹھانے کی پیش کش کرتے ہیں تو اس کے لئے اس طرح کہا جائے گا کہ مجھے موقع دیں؟ الاؤمی (Allow me) یا کیا میں آپ کی مدد کر سکتا ہوں؟ مے آئی ہلپ یو؟ (May I help you?)

۶. اگر آپ کسی عورت یا کسی بوڑھے کو راستہ دیتے ہیں تو آپ اپنی زبان میں کہہ دیتے ہیں 'پہلے آپ' جبکہ انگریزی میں فرسٹ یو First you نہیں کہیں گے بلکہ یہ کہیں گے After you.

۷. انگریزی میں بات بات پر افسوس کرنے کا رواج ہے۔ اپنی زبان میں بھی ہم افسوس کا اظہار کرتے ہیں یا معافی طلب کرتے ہیں۔ لیکن تب ہی جب کوئی غلطی سرزد ہو جائے یا کسی نقصان سے دوچار ہونا پڑے، یا کسی کے یہاں وقت متعین پر نہیں پہنچ پاتے تب ہم اظہار افسوس یا اظہار ندامت کرتے ہیں۔ اگر حسبِ وعدہ کہیں آپ پہنچ نہ سکیں اور اپنی اس کوتاہی پر معذرت خواہ ہیں تو انگریزی میں ایسی چھوٹی چھوٹی باتوں پر معذرت طلب کرنے کے لئے سوری (Sorry)، ایکس کیوزمی (Excuse me) پارڈن (Pardon) وغیرہ الفاظ استعمال کرتے ہیں۔

---

*انگریزی میں short forms (مختصرات) بہت رائج ہیں۔ جیسے It is کے لئے It's اور You are کے لئے you're کا بات چیت میں بہت استعمال ہوتا ہے۔ کچھ مثالیں مندرجہ ذیل ہیں۔

I am ------- I'm	He is ---- He's
I have ------I've	She is ----- She's
We are ------We're	Is not/are not ---- Isn't/aren't

اس کے استعمال سے بات چیت میں روانی آتی ہے۔

(الف) آپ کا کسی سے ہاتھ چھو جائے تو آپکو فوراً کہنا ہوگا، سوری (Sorry)۔

(ب) دو شخص کسی راستے میں محوِ گفتگو ہوں اور آپ کو ان کے درمیان سے گزرنا ضروری ہو تو آپ کو ایسے موقع پر ایکسکیوز می (Excuse me) کہہ کر گزرنا ہوگا۔ اسی طرح کسی محفل وغیرہ کے درمیان سے اٹھکر جانا ہے یا کسی کی بات کاٹ کر اپنی بات کہنی ہے تو ان حالتوں میں آپ کہیں گے 'ایکس کیوزمی (Excuse me)

(ج) آپ ٹیلی فون سن رہے ہیں یا کسی سے رو برو بات چیت کرتے ہوئے کوئی بات سمجھ میں نہ آئی اس لئے آپ مکرّر اس کی بات کو سننے کے طالب ہیں تو اس طرح نہیں کہیں گے 'اسپیک لاؤڈلی، آئی کین نوٹ ہیر اینی تھنگ Speak loudly! I cannot hear anything اونچا بولیئے، مجھے کچھ سنائی نہیں دیتا۔

یہاں بجائے اسکے صرف اتنا ہی کہیں گے۔ پارڈن Pardon یا آئی بیگ یور پارڈن (I beg your pardon.)

اس سے مخاطب سمجھ لے گا کہ آپ کو دوبارہ اپنا مدعا سمجھائے۔

(د) آپ کسی سے ملاقات کی غرض سے اس کے مکان پر پہنچ گئے۔ وہاں آپ بغیر اطلاع کئے یا بغیر اجازت کے اندر داخل نہ ہوں بلکہ انگریزی میں اس طرح اجازت طلب کریں 'مے آئی کم ان پلیز' May I come in, please? اہل خانہ اس طرح جواب دیگا (سرٹینلی) Certainly یا (ود گریٹ پلیژر) With great pleasure یا (آف کورس) Of course یا (یس پلیز کم ان) Yes, please come in

انگریزی زبان ایسے آداب و تعظیمی الفاظ سے بھری پڑی ہے۔ جملے بناتے وقت زبان کی اس ادا کو ہمیشہ ذہن نشیں رکھیئے۔

B

چند تعظیمانہ جملے (Some Polite Phrases)

۱.	میں نے ملنے کا وقت دیا تھا مگر آ نہیں سکا۔ مجھے معاف فرمائیں۔	I'am sorry, I couldn't make it that day.	آئم سوری آئی کڈنٹ میک اٹ دیٹ ڈے۔
۲.	میں مقررہ وقت پر نہ آسکا، اس کے لئے معاف فرمائیں۔	I'm sorry, I couldn't make it in time.	آئم سوری، آئی کڈنٹ میک اٹ ان ٹائم۔
۳.	معاف فرمائیں، مجھے کچھ دیر ہوگئی۔	I'm sorry, I got a little late.	آئم سوری، آئی گوٹ اے لٹل لیٹ۔
۴.	میری طرف سے معذرت طلب کر لیجئے۔	Please convey my apologies.	پلیز کنوے مائی اپولوجیز۔
۵.	یہ غلطی سے سرزد ہو گیا۔ معاف فرمائیں۔	It was all by mistake, please excuse me.	اِٹ واز آل بائی مسٹیک، پلیز ایکسکیوز می۔
۶.	مجھے بیحد افسوس ہے۔	I'm very sorry.	آئم ویری سوری۔
۷.	معاف کیجئے میں نے خلل اندازی کی۔	Sorry to have disturbed you.	سوری ٹو ہیو ڈسٹربڈ یو۔
۸.	معاف کیجئے۔	I beg your pardon.	آئی بیگ یور پارڈن۔
۹.	میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔	Allow me to say.	الاؤ می ٹو سے۔
۱۰.	ذرا توجہ فرمایئے۔	May I have your attention, please?	مے آئی ہیو یور اٹنشن پلیز؟
۱۱.	اسے اپنی ہی چیز سمجھیئے	It's all yours.	اٹس آل یورس۔
۱۲.	کیا آپ مجھے عرض کرنیکا موقع عنایت فرمائیں گے؟	Will you please permit me to speak?	ول یو پلیز پرمٹ می ٹو اسپیک؟
۱۳.	اپنے کام میں میری مدد لیجئے۔	Let me also help you.	لیٹ می اولسو ہیلپ یو۔
۱۴.	کیا آپ تھوڑی جگہ دیں گے؟	Will you please move a bit?	ول یو پلیز موو اے بٹ؟
۱۵.	کیا آپ سے آہستہ بولنے کی درخواست کر سکتا ہوں؟	Will you please speak slowly?	ول یو پلیز اسپیک سلولی؟
۱۶.	ذرا آہستہ بولنے کی زحمت کریں؟	Will you mind speaking a bit softly please?	ول یو مائنڈ اسپیکنگ اے بٹ سوفٹلی پلیز؟
۱۷.	کیا آپ مجھے بیٹھنے دیں گے؟	Will you please let me sit?	ول یو پلیز لیٹ می سِٹ؟

۱۸. کیا میں آپ کا تھوڑا سا وقت لے سکتا ہوں؟ Could you spare a few moments for me? کڈ یو اسپیئر اے فیو مومنٹس فور می؟

۱۹. جیسی آپ کی مرضی۔ As you please. ایز یو پلیز۔

۲۰. آرام سے بیٹھے۔ Please make yourself comfortable. پلیز میک یور سلف کمفورٹیبل۔

۲۱. تکلیف کے لئے معذرت ہے۔ Sorry for the inconvenience. سوری فور دی انکونوینینس۔

۲۲. آپ کی بڑی عنایت۔ That's very/so kind of you. دیٹس وری/سو کائنڈ آف یو۔

۲۳. لیجئے۔ Please help yourself. پلیز ہلپ یور سیلف۔

۲۴. آپ سے ملکر خوشی ہوئی۔ Glad to meet you. گلیڈ ٹو میٹ یو۔

۲۵. آپ کے نیک مشورہ کا شکریہ۔ Thanks for your kind/valuable advice. تھینکس فور یور کائنڈ/ ویلوایبل ایڈوائس۔

۲۶. میں پوری کوشش کروں گا/کروں گی۔ I will try my level best. آئی ول ٹرائی مائی لیول بیسٹ۔

۲۷. امید ہے آپ مزے میں ہوں گے۔ Hope you are enjoying yourself/yourselves. ہوپ یو آر انجوائنگ یور سلف/ یور سلوز۔

(To Remember) برائے یادداشت

A

۱. ہر ایک ملک میں آداب و تہذیب ظاہر کرنے کے الگ الگ طریقے رائج ہیں۔ اردو میں نام کے بعد 'صاحب' یا 'جی' جیسے تعظیمی لفظوں کا رواج ہے۔ اسی طرح تعظیمی جملوں کیلئے جمع کا استعمال بھی کیا جاتا ہے۔ جبکہ انگریزی میں واحد ہی رہتا ہے۔ مثال کیلئے :

جناب کیدارناتھ صاحب آئے ہیں۔ Mr. Kedarnath has come. مسٹر کیدارناتھ ہیز کم۔

۲. اردو میں مخاطب کی تعظیم کیلئے 'تم' کی جگہ 'آپ' کا استعمال ہوتا ہے۔ مگر انگریزی میں تم اور آپ دونوں کے لئے یو (You) کا ہی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے :

آپ کیا چاہتے ہیں؟ What do you want? واٹ ڈو یو وانٹ؟

اسی طرح اردو میں ضمیر غائب کے لئے تعظیم کے لئے 'وہ' کی جگہ، جمع کا استعمال ہوتا ہے۔ جب کہ انگریزی میں واحد صیغہ کا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے :

وہ رات کو آ سکتے ہیں۔ He may come at night. ہی مے کم ایٹ نائٹ۔

B

معافی مانگنے سے متعلق انگریزی میں کئی الفاظ ہیں جو بات چیت میں استعمال ہوتے ہیں۔ ان الفاظ کے جو اصل معنی ہیں، انھیں یہاں دیا جا رہا ہے۔

۱. Excuse*(v.) معذرت (معاف کریں) یہ عام معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

مجھے معاف کریں Please excuse me. پلیز ایکسکیوز می

۲. Forgive (v.) سزا دینے کی خواہش کو ہمیشہ کے لئے دل سے نکال دینا۔ دل سے معاف کر دینا۔ جیسے: غلطی کرنا انسان کا کام ہے، معاف کرنا خدا کا کام۔ (To err is human, to forgive is divine)

۳. Pardon (v.) مجرم کو ملی ہوئی سزا سے آزاد کرنا۔ میری غلطی کے لئے مجھے معاف کریں (Please pardon me for my mistake.)

۴. Mistake (v.) غلط سمجھنا۔ غلطی سے آپ مجھے ڈاکٹر سمجھ رہے ہیں (You are mistaking me for a doctor.)

۵. Sorry (adj.) مجھے افسوس ہے۔ مجھے دیر سے آنے کا افسوس ہے۔ (I am sorry for being late.)

آج کل آسان بول چال میں I beg your pardon کا ہلکے پھلکے جملے میں عام استعمال ہونے لگا ہے۔ فون پر جب آپ کو آواز سنائی نہیں دیتی تو آپ کہتے ہیں I beg your pardon یا 'Pardon'? تو اس کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ آپ تو ٹھیک بول رہے ہیں، پر مجھے سنائی نہیں دے رہا ہے۔ برائے مہربانی دوبارہ کہئے۔ 'Please repeat it' یہ بھی چلے گا پر آپ کو اصل معنی بھی جاننا چاہئے۔

*v کا مطلب فعل (verb) ہے۔

3rd Day تیسرا دن

استعجابیہ الفاظ (Exclamations)

انگریزی میں احساسات کے اظہار کے لئے الگ الگ طریقے ہیں۔ یہ سہل بھی ہے اور خوبصورت بھی۔ حیرانی، خوشی، رنج، ناراضگی اور دوسرے کئی جذبات کو چھوٹے چھوٹے جملوں اور دو تین الفاظوں میں بہت اچھے ڈھنگ سے کہا جا سکتا ہے۔ ان الفاظ اور جملوں کا ہم عام بول چال میں بار بار استعمال کر سکتے ہیں۔

۱.	واہ، واہ!	Marvellous!	مارویلس!
۲.	شاباش!	Well done!	ویل ڈن!
۳.	بہت خوب! بہت خوبصورت!	Beautiful!	بیوٹی فل!
۴.	ارے!	Hey!	ہے!
۵.	واہ!	Wow!	واؤ!
۶.	ہائے اللہ!	My/Oh God!	مائی/اوگوڈ!
۷.	آپ نے تو کمال کر دیا!	Wonderful!	ونڈرفل!
۸.	بیشک!	Of course!	اوف کورس!
۹.	خدا کا شکر ہے!	Thank God!	تھینک گوڈ!
۱۰.	خدا کے فضل سے!	By God's grace!	بائی گوڈس گریس!
۱۱.	خدا آپ کو برکت دے!	May God bless you!	مے گوڈ بلیس یو!
۱۲.	آپ کو بھی!	Same to you!	سیم ٹو یو!
۱۳.	بہت عمدہ!	Excellent!	ایکسی لنٹ!
۱۴.	بہت تکلیف دہ خبر!	How sad!	ہاؤ سیڈ!
۱۵.	بڑی خوشی کی خبر!	That is a good news!	دیٹ از اے گڈ نیوز!
۱۶.	کتنی بڑی جیت!	What a great victory!	واٹ اے گریٹ وکٹری!
۱۷.	میرے خدا! (تعجب سے)	Good heavens!	گڈ ہیونز!
۱۸.	سنیئے!	Hello! Listen!	ہیلو! لسن!
۱۹.	جھٹ پٹ کریئے! (فٹافٹ کیجئے)	Hurry up, please!	ہری اپ، پلیز!
۲۰.	کتنی بری بات ہے!	How terrible!	ہاؤ ٹریبل!
۲۱.	اتنی بے عزتی!	How disgraceful!	ہاؤ ڈس گریس فل!
۲۲.	کیسی فضول بات ہے!	How absurd!	ہاؤ ایبسرڈ!
۲۳.	اس کی اتنی ہمت!	How dare he!	ہاؤ ڈیئر ہی!
۲۴.	کیا خوب!	How sweet!	ہاؤ سویٹ!
۲۵.	کتنا خوبصورت!	How lovely!	ہاؤ لَولی!
۲۶.	ایسا کہنے کی تمہیں جرات کیسے ہوئی!	How dare you say that!	ہاؤ ڈیئر یو سے دیٹ!

۲۷.	پیارے!	Oh dear!	او ڈیئر!
۲۸.	جلدی چلو!	Hurry up!/Walk fast!	ہری اپ/واک فاسٹ!
۲۹.	چپ رہیئے!	Please keep quiet!/Quiet, please!	پلیز کیپ کوائٹ! / کوائٹ پلیز!
۳۰.	ہاں، ایسا ہی!	Yes, it is!	یس، اٹ از!
۳۱.	سچ مچ!	Really!	ریئلی!
۳۲.	سچ!	Is it!	از اٹ!
۳۳.	شکریہ!	Thanks!	تھینکس!
۳۴.	آپ کا شکریہ!	Thank you!	تھینک یو!
۳۵.	خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے!	Thank God!	تھینک گوڈ!
۳۶.	یہ مبارک دن بار بار آئے!	Many happy returns of the day!	مینی ہپی ریٹرنس اوف د ڈے!
۳۷.	آہا! میں نے یہ میچ جیت لیا!	Hurrah! I have won!	ہرّا! آئی ہیو اون!
۳۸.	آپکی بہتر صحت کے لئے!	For your good health!	فور یور گڈ ہیلتھ!
۳۹.	مبارک باد!	Congratulations!	کونگریچولیشنز!
۴۰.	کتنی بے ہودگی ہے!	What nonsense!	واٹ نون سینس!
۴۱.	کتنی شرم کی بات ہے!	What a shame!	واٹ اے شیم!
۴۲.	کتنی تکلیف دہ بات ہے!	How tragic!	ہاؤ ٹریجک!
۴۳.	کتنے حیرت کی بات ہے!	What a pleasant surprise!	واٹ اے پلیزنٹ سرپرائز!
۴۴.	تعجب خیز!	Wonderful!	ونڈرفل!
۴۵.	چھی چھی!	How disgusting!	ہاؤ ڈسگسٹنگ!
۴۶.	خبردار!	Beware!	بیویئر!
۴۷.	کتنے دکھ کی بات ہے!	What a pity!	واٹ اے پٹی!
۴۸.	کیا خوب خیال ہے!	What an idea!	واٹ این آئیڈیا!
۴۹.	خوش آمدید، جناب!	Welcome sir!	ویل کم سر!
۵۰.	آپ کے استقبال کیلئے!	Cheers!	چیرز!
۵۱.	کیا مصیبت ہے!	What a bother!	واٹ اے بودر!
۵۲.	ہوشیاری سے، سنبھل کر!	Watch out!	واچ آؤٹ!
۵۳.	کہیں نظر نہ لگے!	Touch wood!	ٹچ وڈ!
۵۴.	اب چاہے جو ہو!	Come what may!	کم واٹ مے!

(To Remember) برائے یادداشت

۱. انگریزی میں عام جملوں میں جہاں کوما (،) یا فل اسٹوپ (.) لگتا ہے، وہاں دعائیہ یا استعجابیہ جملوں میں (!) Exclamatory sign لگتا ہے۔ جیسے: Wonderful! Really! وغیرہ۔

۲. شرم، دکھ، خوشی، غصہ وغیرہ مختلف جذبات کو ظاہر کرنے کے لئے What, How وغیرہ الفاظ کا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: What a shame! How wonderful! وغیرہ۔

۳. استعجابیہ جملے (Exclamatory sentence) بولتے وقت لہجے میں تعجب کے جذبات کا اظہار ہونا چاہیئے۔

4 th Day چوتھا دن

(Phrases) فقرے

انگریزی میں پورے جملے کی جگہ دو ایک لفظوں سے کام چلایا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر (یس، سَر) Yes, sir! (نو، سر) No, sir! (وری گڈ، سر) Very good,sir! وغیرہ۔ ایسے چھوٹے چھوٹے مختصر الفاظ بہت زیادہ بولے جاتے ہیں۔ انگریزی بولنے اور سیکھنے کے خواہش مند حضرات / خواتین کے لئے ان کی معلومات بہت ضروری ہے۔ یہ مختصر الفاظ آسان بھی ہیں کیونکہ یہ گرامر کے پیچیدہ قواعد کے پابند نہیں ہیں۔

A

۱.	میں ابھی آرہا ہوں۔	Just coming.	جسٹ کمنگ۔
۲.	بہت اچھا۔	Very well.	ویری ویل۔
۳.	اچھی بات ہے۔	Fine/Very good.	فائن / ویری گڈ۔
۴.	جیسی آپ کی مرضی۔	As you like.	ایز یو لائک۔
		As you please.	ایز یو پلیز۔
۵.	اور کچھ؟	Anything else?	اینی تھنگ ایلس؟
۶.	بس، رہنے دو۔	That's enough.	دیٹس اینف۔
۷.	اس عزت افزائی کے لئے شکریہ۔	Thanks for this honour.	تھینکس فور دس آنر۔
۸.	اچھا۔	O.K.	او، کے۔
۹.	کیوں نہیں؟	Why not?	وائی نوٹ؟
۱۰.	تھوڑا سا بھی نہیں۔ بالکل نہیں	Not a bit.	نوٹ اے بٹ۔
۱۱.	دھیان رکھنا۔	Take care.	ٹیک کیئر۔
۱۲.	کل ملیں گے۔	See you tomorrow.	سی یو ٹومورو۔
۱۳.	ہاں، ضرور۔	Yes, by all means!	یس، بائی آل مینز۔
۱۴.	بہت ہے۔ یہ انتہا ہے	That is too much.	دیٹ از ٹو مچ
۱۵.	ہاں، جناب۔	Yes, sir!	یس، سر۔
۱۶.	نہیں، کبھی نہیں۔	No, not at all.	نو، نوٹ ایٹ اول۔
۱۷.	کوئی بات نہیں۔	Never mind./Doesn't matter.	نیور مائنڈ / ڈزنٹ میٹر۔
۱۸.	اور کچھ نہیں۔	Nothing else.	نتھنگ ایلس
۱۹.	کوئی خاص بات نہیں۔	Nothing special.	نتھنگ اسپیشل۔
۲۰.	خوش آمدید، آیئے	Welcome!	ویلکم۔
۲۱.	بھروسہ رکھیں۔	Rest assured.	ریسٹ ایشیورڈ۔
۲۲.	بہت دن سے دیکھا نہیں۔	Long time no see.	لونگ ٹائم نو سی۔
۲۳.	اچھا رخصت / گڈ بائی!	Good bye!	گڈ بائی!

۲۴.	الوداع۔	Bye bye!	بائی بائی!
۲۵.	ذرا سا بھی نہیں۔	Not the least!	نوٹ دی لیسٹ!

یہ لگ بھگ سبھی مختصر الفاظ ہیں، پورے جملے نہیں لیکن ان سے پورے جملے جیسا کام لیا جاتا ہے۔

B

(Sentences of Command/Order) حکمیہ جملے

۱.	رکو۔	Stop.	اسٹوپ۔
۲.	بولو۔	Speak.	اسپیک۔
۳.	سنو۔	Listen.	لِسن۔
۴.	یہاں ٹھہرو۔	Wait here.	ویٹ ہیئر۔
۵.	اِدھر آؤ۔	Come here.	کم ہیئر۔
۶.	اِدھر دیکھو۔	Look here.	لک ہیئر۔
۷.	یہ لو۔	Take it.	ٹیک اِٹ۔
۸.	پاس آؤ۔	Come near.	کم نیئر۔
۹.	باہر انتظار کرو۔	Wait outside.	ویٹ آؤٹ سائیڈ۔
۱۰.	اوپر جاؤ۔	Go up.	گو اپ۔
۱۱.	نیچے جاؤ۔	Go down.	گو ڈاؤن۔
۱۲.	اتر جاؤ۔	Get off.	گیٹ اوف۔
۱۳.	تیار ہو جاؤ۔	Get ready./Be ready.	بی ریڈی/گیٹ ریڈی۔
۱۴.	چپ رہو۔	Keep quiet.	کیپ کوائٹ۔
۱۵.	ہوشیار رہو۔	Be careful./Be cautious.	بی کیئرفل/بی کوشس۔
۱۶.	دھیرے چلو۔	Go slowly./Walk slowly.	گو سلولی/واک سلولی
۱۷.	فوراً جاؤ۔	Go at once.	گو ایٹ ونس۔
۱۸.	یہاں رکو۔	Stop here.	اسٹوپ ہیئر۔
۱۹.	سیدھے جاؤ۔	Go straight.	گو اسٹریٹ۔
۲۰.	چلے جاؤ/نکل جاؤ۔	Go away./Get out.	گو اوے/گیٹ آوٹ۔

فاعل نہ ہوتے ہوئے بھی یہ جملے مکمل ہیں کیونکہ ان میں فعل اپنی جگہ پر ہیں یہ حکم (Command) کے جملے ہیں۔ ان میں You (تم) یعنی فاعل معنی کو دیکھتے ہوئے اپنی طرف سے لگانا پڑتا ہے۔ یعنی 'You' understood ہے۔

(To Remember) برائے یادداشت

۱. اوپر کے B حصے میں سبھی حکمیہ جملے ہیں۔ آپ انہیں تھوڑی کوشش سے استدعائیہ جملوں میں بھی بدل سکتے ہیں۔ اوپر کے سبھی جملوں میں پہلے 'Please' لگائیں۔ پہلا جملہ اس طرح بنے گا۔ .Please stop (ذرا رکیے) ۔اسی طرح سبھی جملے بنیں گے۔ ان جملوں کے افعال کا مطلب اب درخواست اور گزارش ہو جائے گا۔

۲. جب آپ اپنے افسر سے چھٹی مانگیں یا ایسی ہی کوئی اور درخواست کریں وہاں Please کی جگہ پر Kindly کا استعمال کریں۔ جیسے (i) مہربانی کرکے مجھے ایک یوم کی چھٹی عنایت کریں Kindly grant me leave for one day.

(ii) براہ کرم معاملے کی جانچ پڑتال کرائیں! Kindly look into the matter.

ان دونوں جملوں میں 'Please' کا استعمال درست نہیں ہے۔ Kindly لفظ کا استعمال کیا جانا چاہیے۔

۳. Don't – Do not اور Can't - cannot کی مختصر شکل ہے۔ ۴۔ استدعائیہ جملے نویں دن میں دیکھیے۔

5 پانچواں دن
5th Day

زمانۂ حال (Present Tense)

انگریزی میں زمانہ حال کے فعل کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔(۱) Rahim studies (رحیم اسٹڈیز) رحیم پڑھتا ہے۔(۲) Rahim is studying. (رحیم ازاسٹڈنگ) رحیم پڑھ رہا ہے۔ (۳) Rahim has studied. (رحیم ہیزاسٹڈیڈ) رحیم نے پڑھ لیا ہے۔
(۴) Rahim has been studying since morning. (رحیم ہیز بین اسٹڈنگ سنس مورننگ) رحیم صبح سے پڑھ رہا ہے۔ یہاں پہلے جملے میں فعل حال تو ہے مگر زمانہ متعین نہیں ہے۔ Rahim studies رحیم پڑھتا ہے۔ مگر یہ پتہ نہیں کب سے پڑھتا ہے؟ دوسرے جملے میں زمانہ حال میں جو فعل کیا جارہا ہے وہ ابھی تک ختم نہیں ہوا بلکہ جاری ہے۔ Rahim is studying. تیسرے جملے میں Rahim has studied. رحیم نے پڑھ لیا ہے۔ یعنی فعل پورا ہو چکا۔ لیکن اسے زیادہ وقت نہیں گزرا ہے۔ چوتھے جملے میں Rahim has been studying since morning. یعنی فعل ایک معینہ وقت سے چل رہا ہے۔ انہیں بالترتیب Present Indefinite, Present Continuous, Present Perfect, اور Present Perfect Continuous کہا جاتا ہے۔

A

-Does/Do-

رحیم : کیا تم انگریزی پڑھتے ہو؟	**Rahim :** *Do* you study English?	ڈو یو اسٹڈی انگلش؟
شمیم : ہاں۔	**Shamim :** Yes, I *do*.	یس، آئی ڈو۔
رحیم : کیا لتا تمھارے گھر آتی ہے؟	**Rahim :** *Does* Lata come to your house?	ڈزلتاکم ٹویورہاؤس؟
شمیم : ہاں، وہ کبھی کبھی آتی ہے۔	**Shamim :** Yes, she comes sometimes.	یس، شی کمس سم ٹائمس۔
رحیم : کیا دوسرے دوست بھی تمہارے پاس آتے ہیں؟	**Rahim :** *Do* other friends also come to you?	ڈو اَدر فرینڈس اولسو کم ٹو یو؟
شمیم : ہاں، وہ بھی آتے ہیں۔	**Shamim :** Yes, they *do*.	یس، دے ڈو۔
رحیم : کیا تم ممبئی رہتے ہو؟	**Rahim :** *Do* you stay in Mumbai?	ڈو یو اسٹے ان ممبئی۔
شمیم : نہیں، میں کولکاتا رہتا ہوں۔	**Shamim :** No, I stay in Kolkata.	نو، آئی اسٹے ان کولکاتا۔

B

- Is/Are/Am -

باصرہ : کیا یہی کتاب تمہیں چاہیئے؟	**Basra :** *Is* this the book you are looking for?	از دس بک یو آر لکنگ فور؟
ماجدہ : ہاں، یہی کتاب مجھے چاہیئے۔	**Majida :** Yes, this *is* it.	یس، دس از اٹ۔
باصرہ : کیا روبی فلم دیکھ رہی ہے؟	**Basra :** *Is* Rubi watching a movie?	از روبی واچنگ اے مووی؟
ماجدہ : نہیں، وہ ویڈیو گیم کھیل رہی ہے۔	**Majida :** No, she *is* playing a video game.	نو، شی از پلےینگ اے ویڈیو گیم۔
باصرہ : کیا تم بازار نہیں جارہی ہو؟	**Basra :** *Are* you not going to market now?	آر یو نوٹ گوئنگ ٹو مارکیٹ ناؤ؟

نو، آئی ایم نوٹ۔	**Majida :** No, I *am* not.	ماجدہ : نہیں۔
از یور فادر ان گورنمنٹ سروس؟	**Basra :** *Is* your father in government service?	باصرہ : کیا تمہارے والد سرکاری ملازم ہیں؟
نو، ہی از اے بزنس مین۔	**Majida :** No, he *is* a businessman.	ماجدہ : نہیں، میرے والد تاجر ہیں۔
از یور برادر پری پیرنگ فورسم ایگزامینیشن؟	**Basra :** *Is* your brother preparing for some examination?	باصرہ : کیا تمہارا بھائی کسی امتحان کی تیاری کر رہا ہے؟
یس، ہی از پری پیئرنگ فور دی آئی اے ایس ایگزامینیشن۔	**Majida :** Yes, he *is* preparing for the I.A.S. examination.	ماجدہ : وہ آئی اے ایس امتحان کی تیاری کر رہا ہے۔

C

- Has/Have -

ہیو یو رٹن اینی لیٹر ٹو رانی؟	**Munis :** *Have* you written any letter to Rani?	مونس : کیا تم نے رانی کو کوئی خط لکھا ہے؟
یس، آئی ہیو۔	**Shahid :** Yes, I *have*.	شاہد : ہاں۔
ہیز شی ریپلائیڈ ٹو یور لیٹر؟	**Munis :** *Has* she replied to your letter?	مونس : کیا اس نے تمہارے خط کا جواب دیا ہے؟
نو، شی ہیزنٹ۔	**Shahid :** No, she *hasn't*.	شاہد : نہیں۔
ہیو یو ٹیکن یور میلز؟	**Munis :** *Have* you taken your meals?	مونس : کیا تم نے کھانا کھا لیا؟
نو، آئی ہیڈ اے ہیوی بریک فاسٹ ان دَ مورننگ۔	**Shahid :** No, I *had* a heavy breakfast in the morning.	شاہد : نہیں، میں نے صبح کا ناشتہ کافی بھاری کیا تھا۔
ڈڈ یو گو ٹو ہز پلیس؟	**Munis :** *Did* you go to his place?	مونس : کیا تم اس کے گھر گئے تھے؟
نو، آئی ہیو یٹ ٹو گو۔	**Shahid :** No, I *have* yet to go.	شاہد : نہیں، ابھی مجھ کو جانا ہے۔

D

- Has been/Have been -

واٹ ہیو یو بین ڈوئنگ سنس مورننگ۔	**Shamim :** What *have* you *been* doing since morning?	شمیم : تم صبح سے کیا کر رہے ہو؟
آئی ہیو بین ریڈنگ دس بک۔	**Ghiyas :** I *have been* reading this book.	غیاث : میں صبح سے یہ کتاب پڑھ رہا ہوں۔
ہیز اٹ بین ریننگ ہیئر اولسو سنس یسٹرڈے؟	**Shamim :** *Has* it *been* raining here also since yesterday?	شمیم : کیا کل سے یہاں بھی بارش ہو رہی ہے؟
یس، اٹ ہیز بین، بٹ نوٹ کنٹی نیوسلی	**Ghiyas :** Yes, it *has been*, but not continuously.	غیاث : ہاں، ہو تو رہی ہے پر رک رک کر۔
ہیز دَ واٹر بین بوائلنگ فور لونگ؟	**Shamim :** *Has* the water *been* boiling for long?	شمیم : کیا پانی کافی دیر سے ابل رہا ہے؟
نو، اٹ ہیز بین بوائیلنگ اونلی فور اے لٹل ٹائم۔	**Ghiyas :** No, it *has been* boiling only for a little time.	غیاث : نہیں، ابھی تھوڑی دیر سے ابل رہا ہے۔
وی ہیو بین لیونگ ان دس ہاؤس فور ٹین ایئرس۔	We *have been* living in this house for ten years.	ہم اس گھر میں دس برس سے رہ رہے ہیں۔
ہی ہیز بین ورکنگ اون اے نیو پروجیکٹ سنس جنوری۔	He *has been* working on a new project since January.	وہ جنوری سے ایک نئے پروجیکٹ پر کام کر رہا ہے۔

(To Remember) برائے یادداشت

حسب ذیل جملوں کو بغور دیکھیے :

۱. تم خط لکھ رہے ہو۔ You are writing a letter. یو آر رائٹنگ اے لیٹر۔

۲. تم خط لکھ چکے ہو۔ You have written a letter. یو ہیو رٹن اے لیٹر۔

یہ دونوں سادے (Affirmative) جملے ہیں ان کو منفی (Negative) اور سوالیہ (Interrogative) جملوں میں اس طرح بدلا جاتا ہے :

سوالیہ (Interrogative)	منفی (Negative)
1. **Are** you writing a letter?	1. You are **not** writing a letter.
2. **Have** you written a letter?	2. You have **not** written a letter.

آپ نے دیکھا کہ تمام جملوں کو منفی میں بدلنے کے لئے معاون فعل are, have کے بعد not جوڑنا پڑتا ہے۔ اسی طرح سوالیہ جملوں میں معاون فعل ,are have جملے کے شروع میں آگئے ہیں۔ اس طرح سے ہمیں معلوم ہو گیا ہے کہ Present Continuous Tense اور Present Perfect Tense میں تمام جملوں سے منفی اور سوالیہ جملے آرام سے بنائے جا سکتے ہیں۔

اب Present Indefinite Tense کی مثال لیجے :

۱. تم ایک خط لکھتے ہو۔ You write a letter. یو رائٹ اے لیٹر۔

۲. میں انگریزی پڑھتا ہوں۔ I read English. آئی ریڈ انگلش۔

اب ان کے منفی اور سوالیہ جملوں کو دیکھیے :

مثبت (Interrogative)	منفی (Negative)
1. **Do** you write a letter?	1. You **do not** write a letter.
2. **Do** I read English?	2. I **do not** read English.

دیکھیے مذکورہ بالا جملوں میں Do الگ سے جوڑا گیا ہے۔ اگر Tense میں Do یا Does جوڑ دیا جاتا ہے تب وہ منفی یا سوالیہ بن جاتے ہیں Do کا استعمال جمع فاعل کے ساتھ اور Does کا واحد فاعل کے ساتھ ہوتا ہے۔ I اور You دونوں کے ساتھ Do کا ہی استعمال ہوتا ہے Does کا کبھی نہیں۔

6th Day چھٹا دن

زمانۂ ماضی (Past Tense)

انگریزی زبان میں فعل ماضی کو بھی، زمانہ حال کی طرح چار قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ۱. Rahim studied. (رحیم اسٹڈیڈ) ۲. Rahim was studying. (رحیم واز اسٹڈیئنگ) ۳. Rahim had studied. (رحیم ہیڈ اسٹڈیڈ)، Rahim had been studying since morning. (رحیم ہیڈ بین اسٹڈئنگ سنس مورننگ) بالترتیب رحیم نے پڑھا، رحیم پڑھ رہا تھا، رحیم نے پڑھا تھا اور رحیم صبح سے پڑھ رہا تھا۔ Rahim studied. اس سے یہ تو معلوم ہوتا ہے کہ فعل گزرے ہوئے وقت میں پورا ہو چکا ہے۔ لیکن یہ طے نہیں ہوتا کہ کب ہوا؟ (Past Indefinite); Rahim was studying. رحیم پڑھ رہا تھا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ فعل جاری تھا، ختم نہیں ہوا تھا۔ (Past Continuous) Rahim had studied. رحیم نے پڑھا تھا یعنی فعل بہت پہلے ہی پورا ہو گیا تھا۔ (Past Perfect) Rahim had been studying since morning. رحیم صبح سے پڑھ رہا تھا۔ یعنی فعل ایک معین وقت سے شروع ہوا تھا (Past Perfect Continuous)

E

- Did -

ڈڈیو گیٹ اپ ارلی یسٹرڈے؟	**Teacher :** *Did* you get up early yesterday?	کیا تم کل جلدی اٹھیں؟	استانی :
یس میڈم، آئی ڈڈ۔	**Neha :** Yes madam, I *did.*	جی محترمہ!	نیہا :
ڈڈیو ہیو بریڈ اینڈ بٹر؟	**Teacher :** *Did* you have bread and butter?	کیا تم نے ڈبل روٹی اور مکھن کھایا؟	استانی :
یس میڈم، آئی ڈڈ۔	**Neha :** Yes madam, I *did.*	جی ہاں محترمہ، کھایا۔	نیہا :
ڈڈ روزی کم ٹو یو ایٹ نون؟	**Teacher :** *Did* Rozi come to you at noon?	کیا روزی تمھارے پاس دوپہر کو آئی تھی؟	استانی :
نو، شی ڈڈنٹ۔	**Neha :** No, she *didn't.*	نہیں۔	نیہا :
ڈڈیو رائٹ دس ایسے ایٹ نائٹ؟	**Teacher :** *Did* you write this essay at night?	کیا رات کو تم نے یہ مضمون لکھا؟	استانی :
نو، آئی ڈڈنٹ، مائی برودر ڈڈ۔	**Neha :** No, I *didn't,* my brother did.	میں نے نہیں، میرے بھائی نے لکھا۔	نیہا :
ڈڈیو میک یور بیڈ بفور کمنگ ٹو اسکول؟	**Teacher :** *Did* you make your bed before coming to school?	کیا تم نے اسکول آنے سے پہلے اپنا بستر ٹھیک کیا؟	استانی :
یس میڈم، آئی ڈڈ۔	**Neha :** Yes madam, *I did.*	جی محترمہ، میں نے کیا؟	نیہا :
ڈڈیو لرن یور لیسن یسٹرڈے؟	**Teacher :** Did you learn your lesson yesterday?	کیا تم نے کل اپنا سبق یاد کیا؟	استانی :
نو، آئی ڈڈنٹ۔	**Neha :** No, I *didn't.*	نہیں، میں نے نہیں کیا۔	نیہا :

F

- Was/Were -

ویئر یو آوٹ فور شاپنگ یسٹرڈے؟	**Teacher :** *Were* you out for shopping yesterday?	کیا کل تم بازار گئے تھے؟	استاد :
یس سر، آئی واز۔	**Rafeeque :** Yes sir, I *was.*	جی ہاں سر، میں بازار گیا تھا۔	رفیق :

استاد : کیا تم چلتے چلتے کتاب نہیں پڑھ رہے تھے؟	**Teacher :** *Were* you not reading a book while walking?	ویئر یو نوٹ ریڈنگ اے بک وائل واکنگ؟
رفیق : جی ہاں، پڑھ رہا تھا۔	**Rafeeque :** Yes sir, I *was*.	یس سر، آئی واز۔
استاد : کیا روبینہ بھی چلتے چلتے پڑھ رہی تھی؟	**Teacher :** *Was* Rubina also reading while walking?	واز روبینہ السو ریڈنگ وائل واکنگ؟
رفیق : نہیں، وہ صرف سن رہی تھی۔	**Rafeeque :** No, she *was* just listening.	نو، شی واز جسٹ لسننگ۔
استاد : کیا تمھارے گھر میں تمھاری پھوپھی گا رہی تھیں؟	**Teacher :** *Was* your aunt singing at your house?	واز یور آنٹ سنگنگ ایٹ یور ھاؤس؟
رفیق : نہیں، میری بہن گا رہی تھی۔	**Rafeeque :** No, it *was* my sister.	نو، اٹ واز مائی سسٹر۔
استاد : کیا تم انگلش پڑھ رہے تھے؟	**Teacher :** *Were* you studying English?	ویئر یو اسٹڈینگ انگلش؟
رفیق : جی ہاں، پڑھ رہا تھا۔	**Rafeeque :** Yes, I *was*.	یس، آئی واز۔

G

- Had -

کمال : کیا تم سینما نہیں گئے تھے؟	**Kamal :** *Had* you not gone to cinema?	ہیڈ یو نوٹ گون ٹو سینما؟
جمال : نہیں۔	**Jamal :** No, I *had* not.	نو، آئی ہیڈ نوٹ۔
رما : کیا وہ دکان بند کر چکا تھا؟	**Rama :** *Had* he closed the shop?	ہیڈ ہی کلوزڈ دَ شوپ؟
رانی : ہاں، کر چکا تھا۔	**Rani :** Yes, he *had*.	یس، ہی ہیڈ۔
رام : کیا وہ آپ کو کل تک نہیں ملا تھا؟	**Ram :** *Had* he not met you till yesterday?	ہیڈ ہی نوٹ میٹ یو ٹل یسٹرڈے؟
شیام : نہیں، وہ کل تک مجھے نہیں ملا تھا۔	**Shyam :** No, he *hadn't*.	نو، ہی ہیڈنٹ۔
رمن : کیا تم کل کھیلنے نہیں گئے تھے؟	**Raman :** *Had* you not gone to play yesterday?	ہیڈ یو نوٹ گون ٹو پلے یسٹرڈے؟
سدھیر : نہیں، میں نہیں گیا تھا۔	**Sudhir :** No, I *had* not.	نو، آئی ہیڈ نوٹ۔
سچن : کیا تم روہت سے پہلے کہیں مل چکے تھے؟	**Sachin :** *Had* you met Rohit anywhere before?	ہیڈ یو میٹ روہت اینی وھیر بفور؟
انج : ہاں میں دو سال پہلے شملہ میں ملا تھا۔	**Anuj :** Yes, I *had* met him in Shimla two years ago.	یس، آئی ہیڈ میٹ ہم ان شملہ ٹو ایئرس ایگو۔
نیرج : کیا تمہارے اسٹیشن پہونچنے سے پہلے گاڑی جا چکی تھی؟	**Neeraj :** *Had* the train left before you reached the station?	ہیڈ دَ ٹرین لیفٹ بفور یو ریچڈ دَ اسٹیشن؟
سوربھ : ہاں، جا چکی تھی۔	**Saurabh :** Yes, it *had*.	یس، اٹ ہیڈ۔
سیما : کیا تمہاری ماں تمہارے گھر پہونچنے سے پہلے بازار جا چکی تھی؟	**Seema :** *Had* your mother gone to market before you reached home?	ہیڈ یور مدر گون ٹو مارکیٹ بفور یو ریچڈ ہوم؟
میرا : نہیں، وہ نہیں جا چکی تھی۔	**Meera :** No, she hadn't.	نو، شی ہیڈنٹ۔

H

– Had been –

ہیڈیو بین اسٹیڈنگ فور	**Nafis :** *Had* you *been* studying for	نفیس : کیا تم کل پچھلے دو گھنٹے سے پڑھ رہے تھے؟
لاسٹ ٹو آورس یسٹرڈے؟	last two hours yesterday?	
یس بکاؤز آئی ہیڈ بین پلاننگ	**Raqueeb :** Yes, because I *had been*	رقیب : ہاں، کیونکہ میں اپنا کام ختم کر کے
ٹو سی اے فلم آفٹر فنیشنگ مائی ورک۔	planning to see a film after finishing my work.	فلم دیکھنے کا ارادہ کر رہا تھا۔
بٹ، وائی ہیڈ رامو آلسو	**Nafis :** But, why *had* Ramu also	نفیس : لیکن تمھارے ساتھ رامو بھی
بین اسٹیڈنگ ود یو۔	*been* studying with you?	کیوں پڑھ رہا تھا؟
بکاؤز، ہی ہیڈ آلسو بین انسسٹنگ	**Raqueeb :** Because, he *had* also *been* insisting	رقیب : کیونکہ وہ بھی میرے ساتھ
اون گوئنگ ود می فور دی فلم۔	on going with me for the film.	پکچر جانے کی ضد کر رہا تھا۔
بٹ، یور مدر واز سینگ	**Nafis :** But, your mother was saying	نفیس : مگر تمہاری والدہ صاحبہ تو کہہ رہی تھیں
دیٹ یو ہیڈ بین پلاننگ ٹو	that you *had been* planning to	کہ تم کچھ دوستوں کے ساتھ
گو آؤٹ ودسم فرینڈس۔	go out with some friends.	گھومنے کا پروگرام بنا رہے تھے۔
یس، پریویسلی وی ہیڈ بین	**Raqueeb :** Yes, previously we *had been*	رقیب : ہاں، پہلے ہم ایسا ہی کچھ سوچ رہے تھے
پلاننگ سم تھنگ اوف د سورٹ،	planning something of the sort,	مگر بعد میں پروگرام بدل گیا۔
بٹ لیٹر وی چینجڈ آور پروگرام۔	but later we changed our programme.	

(To Remember) برائے یادداشت

اب ہم Past Tense کے مثبت (Affirmative) جملوں سے منفی (Negative) اور سوالیہ (Interrogative) جملے بنا سکتے ہیں۔ اس کا طریقہ وہی ہے جو پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔ Past Indefinite Tense میں did معاون فعل بڑھایا جاتا ہے Past Continuous Tense میں was, were, اور Past Perfect Tense میں had کے بعد منفی جملوں میں not بڑھ جاتا ہے۔ اسی طرح سوالیہ جملوں میں یہی معاون فعل did, was, were اور had جملوں میں سب سے پہلے استعمال کئے جاتے ہیں۔

Affir. : I ate bread and butter. (آئی ایٹ بریڈ اینڈ بٹر) میں نے ڈبل روٹی اور مکھن کھایا۔

Neg. : I did not eat bread and butter. **Int.** : Did I eat bread and butter?

Affir. : You were reading a book. (یو ویئر ریڈنگ اے بک) تم ایک کتاب پڑھ رہے تھے؟

Neg. : You were not reading a book. **Int.** : Were you reading a book?

Affir. : You had read a book. (یو ہیڈ ریڈ اے بک) تم نے کتاب پڑھ لی تھی؟

Neg. : You had not read a book. **Int.** : Had you read a book?

7 ساتواں دن
th Day

زمانہ مستقبل (Future Tense)

زمانہ مستقبل کے فعل کو بھی انگریزی میں چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔(۱) Rahim will study. (رحیم ول اسٹڈی)(۲) Rahim will be studying. (رحیم ول بی اسٹڈنگ)(۳) Rahim will have studied. (رحیم ول ہیو اسٹڈیڈ)(۴) Rahim will have been studying since morning. (رحیم ول ہیو بین اسٹڈنگ سنس مورنگ) زمانہ حال، زمانہ ماضی، اور زمانہ مستقبل کی طرح انہیں بالترتیب (1) Future indefinite (2) Future continuous (3) Future perfect (4) Future perfect continuous کہا جاتا ہے۔

I

- Will/Shall -

گلزار : کیا تم کھیلو گے؟	**Gulzar :** *Will* you play?	ول یو پلے؟
انور : نہیں، کھیلوں گا۔	**Anwar :** No, I *won't.*	نو، آئی وونٹ۔
گلزار : کیا تم کل آؤ گے؟	**Gulzar :** *Will* you come tomorrow?	ول یو کم ٹومورو؟
انور : ہاں، آؤں گا۔	**Anwar :** Yes, I *will.*	یس، آئی ول۔
گلزار : کیا تم رات کو یہاں ٹھہرو گے؟	**Gulzar :** *Will* you stay here tonight?	ول یو اسٹے ہیئر ٹونائٹ؟
انور : نہیں، میں واپس جاؤں گا۔	**Anwar :** No, I'*ll* go back.	نو، آئی ول گو بیک۔
گلزار : کیا تم جمعہ کو راجا سے ملو گے؟	**Gulzar :** *Will* you see Raja on Friday?	ول یو سی راجا اون فرائی ڈے؟
انور : نہیں میں گھر پر تمھارا انتظار کروں گا۔	**Anwar :** No, I'*ll* wait for you at home.	نو، آئیل ویٹ فور یو ایٹ ہوم۔

J

- Will be/Shall be -

امتیاز : کیا تم کل اس وقت گاڑی میں سفر کر رہے ہو گے؟	**Imtiyaz :** *Will* you *be* in the train at this time tomorrow?	ول یو بی ان دٔ ٹرین ایٹ دس ٹائم ٹومارو؟
نجیب : ہاں میں کل اس وقت کانپور پہنچ رہا ہوں گا۔	**Najeeb :** Yes, I'*ll be* about to reach Kanpur at this time tomorrow.	یس آئیل بی اباؤٹ ٹو ریچ کانپور ایٹ دس ٹائم ٹومارو۔
امتیاز : کیا ہم کل اس وقت میچ نہیں کھیل رہے ہوں گے؟	**Imtiyaz :** *Shall* we not *be* playing the match at this time tomorrow?	شیل وی نوٹ بی پلیئنگ دٔ میچ ایٹ دس ٹائم ٹومارو؟
نجیب : ہاں۔	**Najeeb :** Yes, we *will be.*	یس، وی ول بی۔
امتیاز : کیا ہم شملہ بار بار آتے رہیں گے؟	**Imtiyaz :** *Shall* we *be* coming to Shimla again and again?	شیل وی بی کمنگ ٹو شملہ اگین اینڈ اگین؟
نجیب : نہیں۔	**Najeeb :** No, we *won't be.*	نو، وی وونٹ بی۔

K

– Will have/Shall have –

مینا : کیا وہ جا چکی ہوگی؟	**Meena :** *Will* she *have* gone?	ول شی ہیو گون؟
رجنی : نہیں۔	**Rajni :** No, she won't have.	نو، شی وونٹ ہیو۔
مینا : کیا تم اگلے مہینے کالکا سے آچکی ہوگی؟	**Meena :** *Will* you *have* come back from Kalka by next month?	ول یو ہیو کم بیک فروم کالکا بائی نیکسٹ منتھ؟
رجنی : ہاں، تب تک میں وہاں سے آچکی ہوں گی۔	**Rajni :** Yes, *I'll have* come back by then.	یس، آئی ول ہیو کم بیک بائی دین۔
مینا : کیا کل اس وقت تک تم امتحان دے چکی ہوگی؟	**Meena :** *Will* you *have* taken your test by this time tomorrow?	ول یو ہیو ٹیکن یور ٹیسٹ بائی دس ٹائم ٹومورو؟
رجنی : ہاں، میں اپنی زندگی کا ایک اہم باب ختم کرچکی ہوں گی۔	**Rajni :** Yes, I *will have* finished an important chapter of my life.	یس، آئی ول ہیو فنشڈ این امپورٹنٹ چیپٹر آف مائی لائف۔
مینا : کیا تمھارا بھائی کناڈا سے آچکا ہوگا؟	**Meena :** *Will* your brother *have* returned from Canada?	ول یور بردر ہیو ریٹرنڈ فروم کناڈا؟
رجنی : نہیں، وہ کناڈا سے نہیں آچکے ہونگے۔	**Rajni :** No, he *won't have.*	نو، ہی وونٹ ہیو۔

L

– Will have been/Shall have been –

پرویز : کیا تم کل اس وقت سو رہے ہوگے؟	**Parvez :** *Will* you *have been* sleeping at this time tomorrow?	ول یو ہیو بین سلیپنگ ایٹ دس ٹائم ٹومورو؟
سالک : نہیں، شاید میں اس وقت پڑھ رہا ہوں گا؟	**Salik :** No, probably I *shall have been* studying at this time?	نو، پرابلی آئی شیل ہیو بین اسٹڈی اِنگ ایٹ دس ٹائم؟
پرویز : اور تمہارا بھائی راحل کیا کر رہا ہوگا۔	**Pervez :** And, what *will* your brother, Rahil *have been* doing?	اینڈ، واٹ ول یور بردر، راحل ہیو بین ڈوئنگ؟
سالک : وہ شملہ جانے کی تیاری کر رہا ہوگا۔	**Salik :** He *will have been* preparing to leave for Shimla.	ہی ول ہیو بین پری پیئرنگ ٹو لیو فور شملہ۔

(To Remember) برائے یادداشت

ان جملوں پر غور کیجئے آئی شیل نوٹ پلے۔ (A) I shall not play. ہی ول نوٹ پلے۔ (B) He will not pla. پہلے جملے میں 'I' کے ساتھ شیل shall آیا ہے اور دوسرے جملے میں 'He' کے ساتھ ول 'will' آیا ہے، یہ عام زمانہ مستقبل کے فعل کو ظاہر کرتے ہیں۔ اصول یہ ہے کہ عام طور پر He, She, They, It, Ramu وغیرہ اور you کے ساتھ will کا استعمال کیا جاتا ہے اور I, we کے ساتھ Shall کا استعمال کیا جاتا ہے۔

لیکن اگر I, We کے ساتھ will کا اور They, You, He, She وغیرہ کے ساتھ shall کا استعمال ہوتا ہے تو وہاں پکے ارادے کا مطلب نکلتا ہے جیسے (1) آئی ول نوٹ پلے ٹومورو۔ (1) I will not play tomorrow. یو شیل نوٹ ریٹرن (2) You shall not return. ان جملوں کا مطلب اس طرح ہے (i) میں نے کل نہ کھیلنے کا ارادہ کیا ہے۔ یا میں کل بالکل نہیں کھیلونگا (ii) تم قطعی نہیں لوٹو گے۔

آٹھواں دن
8th Day

(Some Important Helping Verbs) کچھ خاص معاون فعل

Can, Could, May, Might, Must/Ought (to), Should/Would

اب تک آپ نے تینوں زمانوں (Tenses) کے فعل کی مشق کی ہے۔ وہاں بھی آپ نے خاص فعل یا معاون فعل (Special Verbs یعنی Helping Verbs) کا سہارا لیا تھا۔ آیئے اب کچھ اور معاون فعل کی مشق کریں۔ Can (کین) اور May (مے) یہ معاون فعل ہیں۔ دونوں کا مطلب ہے 'سکنا' لیکن اس سکنا کے معنوں میں فرق ہے۔ جسے آپ نیچے لکھے جملوں میں خود سمجھ لیں گے۔ Can, Could کا ماضی ہے۔ May, Might کا ماضی ہے۔ Could اور Would سے جملہ شروع کرنے پر request (التجا) کا مفہوم دیتا ہے۔

- Can -

رجنی : کیا تم ستار بجا سکتی ہو؟	**Rajni :** *Can* you play sitar?	کین یو پلے ستار؟
ششی : ہاں، میں بانسری بھی بجا سکتی ہوں۔	**Shashi :** Yes, I *can* play the flute as well.	یس، آئی کین پلے دَ فلوٹ ایز ویل۔
رجنی : کیا تم میری کتابیں واپس کر سکتی ہو؟	**Rajni :** *Can* you return my books?	کین یو ریٹرن مائی بکس؟
ششی : نہیں، میں وہ ابھی واپس نہیں کر سکتی۔	**Shashi :** No, I *can't* return them yet.	نو، آئی کانٹ ریٹرن دیم یٹ۔
رجنی : کیا تم سنسکرت پڑھ سکتی ہو؟	**Rajni :** *Can* you read Sanskrit?	کین یو ریڈ سنسکرت؟
ششی : ہاں۔	**Shashi :** Yes, I *can*.	یس، آئی کین۔

- May -

طالب علم : کیا میں اندر آ سکتا ہوں؟	**Student :** *May* I come in Sir?	مے آئی کم ان سر؟
استاد : ہاں، آؤ۔	**Teacher :** Yes, you *may*.	یس، یو مے۔
طالب علم : کیا میں بال سبھا میں شریک ہو سکتا ہوں؟	**Student :** *May* I attend Bal Sabha, Sir?	مے آئی اٹینڈ بال سبھا، سر؟
استاد : ہاں، بڑی خوشی سے۔	**Teacher :** Yes, with great pleasure./Of course.	یس وِدگریٹ پلیزر/آف کورس۔
طالب علم : کیا میں سریش کو ساتھ لے جا سکتا ہوں، جناب؟	**Student :** Sir, *may* I accompany Suresh?	سر، مے آئی اکمپنی سریش؟
استاد : نہیں، تمہیں اجازت نہیں ہے۔ تم پہلے اپنا کام پورا کرو۔	**Teacher :** No.You better finish your work first.	نو، یو بیٹر فنش یور ورک فرسٹ۔

- Could -

راجو : کیا تم یہ کام اکیلے کر سکے؟	**Raju :** *Could* you do this work alone?	کڈ یو ڈو دس ورک الون؟
سریش : نہیں، میں اسے اکیلے نہیں کر سکا۔	**Suresh :** No, I *couldn't*.	نو، آئی کڈنٹ۔
راجو : کیا وہ وقت پر تمھاری مدد کر سکی؟	**Raju :** *Could* she help you in time?	کڈ شی ہیلپ یو ان ٹائم؟
سریش : ہاں، کر سکی۔	**Suresh :** Yes, she *could*.	یس، شی کڈ۔
راجو : کیا تم میرے لئے پانی لا سکتے ہو؟	**Raju :** Could you bring me a glass of water?	کڈ یو برنگ می اے گلاس آف واٹر؟
سریش : خوشی سے۔	**Suresh :** With pleasure.	وِد پلیزر۔

- Might/Must/Ought (to)/Would/Should -

سوہن مائٹ ہیوہلپڈ ہم۔	Sohan *might* have helped him.	شاید سوہن نے اس کی مدد کی۔
ہی مائٹ ہیوکم ہیئر۔	He *might* have come here.	شاید وہ یہاں آیا ہوگا۔
آئی مسٹ اٹینڈ ہز میرج۔	I *must* attend his marriage.	مجھے اس کی شادی میں ضرور جانا چاہیئے۔
وی اوٹ ٹولوآور ینگرس۔	We *ought to* love our youngers.	ہمیں اپنے سے چھوٹوں سے پیار کرنا چاہیے۔
آئی مسٹ ریچ ہوم بائی ٹین اوکلوک۔	I *must* reach home by 10 o'clock.	مجھے دس بجے تک گھر ضرور پہنچ جانا چاہیئے
ووڈیوپوسٹ دس لیٹر پلیز؟	*Would* you post this letter please?	کیا آپ برائے مہربانی یہ خط پوسٹ کردیں گے۔
یوشڈ اٹینڈ ذکلاسز مورریگولرلی۔	You *should* attend the classes more regularly.	تمہیں کلاس میں زیادہ پابندی سے جانا چاہیئے۔

(To Remember) برائے یادداشت

(a) Can I walk? | (a) May I walk?

(b) Can you do this job? | (b) May I do this job?

(c) Can you sing a song? | (c) May I sing a song?

ا. مذکورہ بالا Can والے جملوں میں طاقت اور قابلیت وغیرہ کے جذبات کا اظہار ہوتا ہے اور May والے جملوں میں اجازت، حکم اور خواہش وغیرہ کا اظہار ہوتا ہے۔ ?Can I walk اس کا مطلب یہ ہے کہ مجھ میں چلنے پھرنے کی طاقت ہے؟ اسی طرح ?May I walk اس کا مطلب اجازت حاصل کرنے سے ہے۔ کیا میں سیر کرلوں؟

ویسے تو لوگ کہیں کہیں Can کے معنی میں May کا استعمال کرتے ہیں یہ بول چال میں تو استعمال کیا جاتا ہے لیکن ٹھیک نہیں ہے۔

۲. جیسا کہ ہم پہلے ہی بتا چکے ہیں۔ Could اور Might لفظ Can اور May کے زمانۂ ماضی کی شکل میں ہیں۔ اسی طرح Should اور Ought کا استعمال بھی فرض کے احساسات کو ظاہر کرتا ہے۔ ان الفاظوں کے معنی کو جملوں میں استعمال کرکے اچھی طرح سمجھ لینا چاہیئے۔

9th Day نواں دن

حکمیہ اور استدعائیہ جملے (Sentences of Order and Request)

نیچے حکم اور درخواست کے کچھ جملے دیئے گئے ہیں۔ یہ Imperative mood کے جملے کہلاتے ہیں۔ اس موڈ (Mood) میں کوئی Tense نہیں لگانا پڑتا۔ اکثر اصل فعل کے ساتھ ہی جملے کی بناوٹ ہوتی ہے۔ ان کی مشق بڑی آسانی سے کی جاسکتی ہے۔

تاکیدی حکمیہ (Imperative Mood)

A

۱.	سامنے دیکھو۔	Look ahead.	لک اَہیڈ۔
۲.	آگے بڑھو۔	Go ahead.	گو اَہیڈ۔
۳.	گاڑی آہستہ چلاؤ۔	Drive slowly.	ڈرائیو سلولی۔
۴.	اپنا کام کرو۔	Mind your own business.	مائنڈ یور اون بزنس۔
۵.	اس کا خیال رکھنا۔	Take care of him/her.	ٹیک کیئر اوف ہم/ہر۔
۶.	واپس جاؤ۔	Go back.	گو بیک۔
۷.	سنئے تو۔	Just listen.	جسٹ لسن۔
۸.	جلدی آنا۔	Come soon.	کم سوُن۔
۹.	مجھے دیکھنے دو۔	Let me see.	لیٹ می سی۔
۱۰.	تیار رہنا۔	Be ready.	بی ریڈی۔
۱۱.	ایک طرف ہوجاؤ۔	Move aside.	موو اَسائڈ۔
۱۲.	سوچ سمجھ کر بولو۔	Think before you speak.	تھنک بفور یو اسپیک۔
۱۳.	ضرور آنا۔	Do come.	ڈو کم۔

B

۱۴.	اس کی خبر کرنا۔	Inform me about her/him.	انفارم می اباؤٹ ہر/ہم۔
۱۵.	مذاق مت کرو۔	Don't cut jokes.	ڈونٹ کٹ جوکس۔
۱۶.	بے ہودا نہ بکو۔	Don't talk nonsense.	ڈونٹ ٹوک نونسینس۔
۱۷.	کچھ پروا نہ کرو۔	Never mind.	نیور مائنڈ۔
۱۸.	مجھے اکیلا چھوڑ دو۔	Leave me alone.	لیو می الون۔
۱۹.	جانے دو۔	Let it be.	لیٹ اٹ بی۔
۲۰.	کچھ تو خیال کرو۔	Have a heart.	ہیوائے ہرٹ۔

نمبر	اردو	English	تلفظ
۲۱.	ذرا رکو ر رکیئے۔	Hold on.	ہولڈ اون۔
۲۲.	کبھی مت بھولو۔	Never forget.	نیور فورگیٹ۔
۲۳.	فکر مت کرو	Don't worry.	ڈونٹ وری۔

C

نمبر	اردو	English	تلفظ
۲۴.	پھر کوشش کرو۔	Please try again.	پلیز ٹرائی اگین۔
۲۵.	ذرا ٹھہریئے۔	Please wait a bit.	پلیز ویٹ اے بٹ۔
۲۶.	اندر آیئے۔	Please come in.	پلیز کم ان۔
۲۷.	بیٹھیے۔	Please be seated.	پلیز بی سیٹیڈ۔
۲۸.	جواب دیجیے۔	Please reply.	پلیز ریپلائی۔
۲۹.	ذرا اور ٹھہریئے۔	Please stay a little longer.	پلیز اسٹے اے لٹل لونگر۔
۳۰.	مجھے شرمندہ مت کیجیے	Please don't embarrass me.	پلیز ڈونٹ امبراس می۔
۳۱.	جیسی آپ کی مرضی۔	As you like./As you please.	ایز یو لائک۔ ایز یو پلیز۔
۳۲.	پھر آیئے گا۔	Do come again.	ڈو کم اگین۔

D

نمبر	اردو	English	تلفظ
۳۳.	ادھر ادھر کی باتیں چھوڑو، اصل بات پر آؤ۔	Come to the point, don't beat about the bush.	کم ٹو دی پوائنٹ، ڈونٹ بیٹ اباؤٹ د بش۔
		Stop rambling and come to the point.	اسٹوپ ریمبلنگ اینڈ کم ٹو د پوائنٹ۔
۳۴.	پاگل مت بنو۔	Don't be silly.	ڈونٹ بی سلی۔
۳۵.	یہ خوراک پیو۔	Take this dose.	ٹیک دس ڈوز۔
۳۶.	میرے پیچھے آؤ۔	Follow me./Come with me.	فالو می/کم ود می۔
۳۷.	کام کے وقت کام کرو۔ کھیل کے وقت کھیلو۔	Work while you work, and play while you play.	ورک وائل یو ورک، اینڈ پلے وائل یو پلے۔
۳۸.	ٹھیک وقت پر کوشش کرو۔	Strike the iron when it is hot.	اسٹرائیک دی آئرن وین اٹ از ہوٹ۔
۳۹.	جگہ خالی کرو۔	Vacate the place.	ویکیٹ د پلیس۔
۴۰.	خیال مت کرو۔	Never mind.	نیور مائنڈ۔
۴۱.	زبان پر قابو رکھو۔	Hold your tongue./Mind your words.	ہولڈ یور ٹنگ/مائنڈ یور ورڈس۔
۴۲.	اسے فیکس کر دو۔	Fax it.	فیکس اٹ۔

E

نمبر	اردو	English	تلفظ
۴۳.	رابطہ بنائے رکھیے گا۔	Please keep in touch.	پلیز کیپ ان ٹچ۔
۴۴.	اپنے آپ پر بھروسہ رکھو۔	Have faith in yourself.	ہیو فیتھ ان یور سلف۔
۴۵.	اپنے کام سے کام رکھو۔	Mind your own business.	مائنڈ یور اون بزنس۔

۴۶. اپنے دل کی بات کہو۔	Speak your mind.	اسپیک یور مائنڈ۔
۴۷. تکلف کی ضرورت نہیں ہے۔	Please don't be formal.	پلیز ڈونٹ بی فورمل۔
۴۸. یہ پیکٹ کوریئر سے بھیج دو۔	Send this packet by courier.	سنڈ دس پیکٹ بائی کوریئر۔
۴۹. دل کھول کر خیرات کریں۔	Donate generously.	ڈونیٹ جینیرسلی۔
۵۰. برائے مہربانی میری مدد کریں۔	Please help me.	پلیز ہیلپ می۔
۵۱. ہوشیاری سے کام لو۔	Be careful.	بی کیئرفل۔
۵۲. ذرا ہاتھ لگانا۔	Lend me a hand please.	لینڈمی اے ہینڈ پلیز۔
۵۳. سمجھنے کی کوشش کرو۔	Try to understand.	ٹرائی ٹو انڈراسٹینڈ۔

(To Remember) برائے یادداشت

ا. آپ نے دیکھا کہ is, are, am, was, were, has, had, will, would, shall, should, can, could, may, do, did, might, وغیرہ اگر جملے کے شروع میں آئیں تو سوالیہ جملے بنتے ہیں لیکن اگر جملے کے بیچ میں (Subject کے بعد) آئیں تو سادے جملے بنتے ہیں۔

مثال کے طور پر:

A	B
(1) Am I a fool?	I am not a fool.
(2) Were those your books?	Those were your books.
(3) Can I walk for a while?	You can walk for a while.
(4) May I come in?	You may come in.

۲. Do, Did کا استعمال منفی اور سوالیہ جملے بنانے کے لئے ضروری ہے نیچے دیئے گئے سادے جملے دھیان سے دیکھیں:

ا۔ میں صبح جلدی اٹھتا ہوں۔ — I get up early in the morning.

۲۔ میں صبح جلدی اٹھا۔ — I got up early in the morning.

اب ان کی منفی جملے بنایئے:

۳. میں صبح جلدی نہیں اٹھتا ہوں۔ — I do not get up early in the morning.

۴. میں صبح جلدی نہیں اٹھا۔ — I did not get up early in the morning.

آپ نے دیکھا منفی جملے بنانے کے لئے بالترتیب do not اور did not جوڑنا پڑا۔ سوالیہ جملے بنانے کے لئے یہی do اور did سب سے پہلے لگتا ہے جیسے:

۵. کیا میں جلدی اٹھتا ہوں؟ — Do I get up early in the morning?

۶. کیا میں جلدی اٹھا؟ — Did I get up early in the morning?

10th Day دسواں دن

آپ بغیر رکے، بے جھجک، صاف اور صحیح انگریزی بولنا چاہتے ہیں۔ ریپیڈیکس کورس کا بھی یہی مقصد ہے۔ اس کے لئے ہم چند مشورے دے رہے ہیں۔ انہیں مان کے آپ جلدی اور سہل طریقہ سے انگریزی زبان سیکھ سکتے ہیں اور بات چیت میں روانی و خود اعتمادی بحال کر سکتے ہیں۔

۱. بات چیت کے لئے ایک ساتھی بنائیے۔ دھیان سے ریپیڈیکس میں دیئے گئے جملوں کو پڑھئے۔ استعمال کے لئے جا بجا اشارات دے گئے ہیں، ان کا خاص خیال رکھئے۔ اب ساتھی کے ساتھ ان جملوں کے بولنے کی مشق کریں۔ بات چیت سوال و جواب کے انداز میں کی جا سکتی ہے۔ غلطیاں ہونگیں، مایوسی کی چنداں ضرورت نہیں۔ ایک دوسرے کی غلطی بتا کر اسے صحیح کرنے کی کوشش کریں۔ دھیرے دھیرے غلطیاں کم ہوتی جائینگی اور گفتگو کی زبان میں بھی نمایاں تبدیلی آتی جائے گی۔

۲. آئینے کے سامنے بیٹھ کر جملے کو بولیے۔ صحیح الفاظ کے ساتھ بار بار بولئے۔ مشق کے ساتھ آپ کی زبان صاف ہوگی، تلفظ صحیح ہوگا اور اسی کے ساتھ خود اعتمادی بھی آئیگی۔

دسویں دن کے اس حصہ میں کچھ مشقیں (Exercises) دی گئی ہیں۔ انہیں کرنے سے آپ کو زبان پر عبور حاصل ہوگا اور خود ہی اندازہ کر سکیں گے کہ آپ نے کتنا سیکھا ہے اور کہاں اصلاح کی ضرورت ہے۔

جداول برائے مشق (Drill Tables)

{Table}-1 جدول ۱

<table>
<tr><td>1</td><td>2</td><td>3</td></tr>
<tr><td>He
She</td><td>is</td><td rowspan="3">ready.
hungry.
thirsty.
tired.</td></tr>
<tr><td>I</td><td>am</td></tr>
<tr><td>They
You
We</td><td>are</td></tr>
</table>

{Table}-2 جدول ۲

<table>
<tr><td>1</td><td>2</td><td>3</td></tr>
<tr><td>He
She
I</td><td>was</td><td>rich.
poor.</td></tr>
<tr><td>They
You
We</td><td>were</td><td>pleased.
sorry.</td></tr>
</table>

(i) جدول نمبر (۱) اور نمبر (۲) سے ۲۴-۲۴ جملے بولیئے۔ پھر بول کر کسی دوسرے کو اس کا مطلب بتائیے۔

(ii) اوپر کے دونوں نقشوں کے اڑتالیس جملے مثبت جملے (Affirmative) ہیں۔ ان کے انکاریہ (منفی) جملے (Negative) بنانے کے لئے آپ کیا کریں گے؟ ٹھیک ہے is, am, are, was, were فعل کے بعد not جوڑیں گے۔ مثال کے طور پر .She is not ready اسی طرح آپ دونوں نقشوں سے منفی جملے بنائیے۔

(iii) جدول ۲ کے مثبت جملوں (Affirmative) کے سوالیہ جملے (Interrogative) بنائیے۔

{Table}-3 جدول ۳

1	2	3
The boy His friends	did not can may must not ought to should will cannot	use this train. do as I say. go for hunting, enter the cave.

جدول نمبر۳ میں چونسٹھ جملے دیئے گئے ہیں۔ اپنے دوست کو انھیں پڑھ کر سنایئے۔

{Table}-4 جدول ۴

1		2
(i)	Be	day after tomorrow?
(ii)	Go	Sanskrit?
(iii)	Have you written	Ramesh, sir?
(iv)	Did you wake up	this problem?
(v)	Will you come	at once.
(vi)	Can you read	to Radha?
(vii)	May I accompany	early yesterday?
(viii)	Could Rama solve	your own business.
(ix)	Mind	ready.
(x)	Don't	befool me.

جدول نمبر۴ میں ایک اور دو کالموں میں توڑ کر دس جملے دیئے گئے ہیں۔ یہاں یہ جملے پچھلے سبق سے لئے گئے ہیں۔ انھیں اس طرح جوڑیں کی سبھی بامعنی جملے بن جائیں اور پھر ان کا ترجمہ کیجئے۔

(Practice) مشق

پہلا دن،

۱. ان جملوں میں کچھ غلطیاں ہیں۔ غلطیاں ٹھیک کیجئے اور جملوں کی مشق کیجئے :

1. Good night uncle, how are you? (شام چھ بجے)
2. Is he your cousin brother?
3. She is not my cousin sister.
4. Good afternoon, my son. (صبح نو بجے)
5. Good morning, mother. (دو بجے دوپہر)

۲. ان جملوں کے انگریزی اور اردو کے ساخت پردھیان دیں اور سمجھیں کہ دونوں زبانوں کے جملوں کے واحد اور جمع میں کیا فرق ہے؟

1.	Father ***has*** come.	والد صاحب آئے ہیں۔
2.	Mr. Sharma ***has*** just left.	شرما جی ابھی گئے ہیں۔
3.	He ***has*** called *you* again.	انہوں نے آپ کو پھر بلایا ہے۔

دیکھا فرق؟ اردو جملہ 'والد صاحب آئے ہیں' کا انگریزی میں Father has come (والد آیا ہے) ترجمہ ہوا ہے۔ اسی طرح دوسرے اور تیسرے جملے میں شرما 'جی' گئے ہیں، 'انہوں' نے آپ کو، یہ سبھی ایک شخص (واحد) 'والد' اور 'تم' سے مخاطب ہیں، جمع سے نہیں۔ اس لئے جب آپ اردو سے انگریزی میں جملہ بنانے لگیں تو سب سے پہلے دل میں ادب واحترام والے جملے کو سیدھا کرلیں (جناب) شرما ابھی گیا ہے۔ اس نے تمہیں بلایا ہے۔ پھر اوپر لکھے جملے کا انگریزی میں ترجمہ کرنے میں دقت

نہیں ہوگی۔(دیکھئے پہلا دن، Tail Box)

دوسرا دن

۳. ادب وتہذیب کے کچھ جملوں کو دہرالیجئے :

(a) آپ کسی کے یہاں جائیں اور وہ آپ کی بڑی خاطر تواضع کرے تو آپ کہیں گے۔ Thanks for your hospitality (آپ کی مہمان نوازی کا شکریہ)۔

(b) I *am* very grateful to you. I *shall be* very grateful to you. You *have been* a great help. ان تینوں جملوں کو پڑھ کر دیکھیئے کہ ان میں کیا فرق ہے؟ کہاں کس جملے کو استعمال کرنا چاہیئے؟ کوئی شخص آپ کے لئے آپ کے کہنے پر آپکا کوئی کام کردے تو آپ کہیں گے I *am* very grateful to you. (میں آپ کا/آپ کی بہت احسان مند ہوں) You *have been* a great help. (آپ نے میری بہت مدد کی)۔ اسی طرح جب آپ کسی سے اپنا کوئی کام کرنے کے لئے کہیں تو آپ پہلے سے ہی شکریہ کے لئے کہیں گے۔ I shall be very grateful to you. (میں آپ کا بڑا شکرگزار رہوں گا)

(c) کوئی آپ کے منہ پر آپکی تعریف کرنے لگے تو آپ اسکے جواب میں کہہ سکتے ہیں۔ Oh, I don't deserve this praise. (میں اس تعریف کا اہل نہیں ہوں)

تیسرا دن

۴. ان الفاظ پر توجہ کیجئے: (a) God, gods (b) good, goods. یہ دو جوڑے ہیں۔ God یعنی خدا، خالق ومالک۔ gods یعنی دیوتا۔ خدا ایک ہے جبکہ دیوتا یا دیو دوت کئی ہیں۔ Good (صفت ہے) یعنی اچھا۔ goods (اسم ہے) یعنی سامان۔

۵. ان الفاظ کو لغت میں دیکھئے اور انکے معنی دہرایئے۔ Marvellous, Splendid, Disgraceful, Absurd, Excellent, Nonsense.

۶. ان الفاظ کا مفہوم سمجھئے کہ یہ کس کس جذبے کو ظاہر کرتے ہیں۔ Nasty, Woe, Hello, Hurrah.

چوتھا دن

۷. ان جملوں پر توجہ دیجئے۔ (a) Well begun, half done. (b) To err is human, to forgive divine. (c) Thank you. (d) Just coming. یہ جملے دیکھنے میں ادھورے لگتے ہیں۔ a اور b جملے میں فعل غائب ہے۔ c اور d جملے میں فاعل غائب ہے۔ بول چال میں یہ جملے ایسے ہی بولے جاتے ہیں۔ یہ مختصر یا ادھورے جملے ہیں جو پورے جملے کا کام کرتے ہیں۔ انگریزی میں ایسے جملوں کو eliptical sentences کہا جاتا ہے ایسے جملوں کا انگریزی میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔

۸. Just coming. کا چوتھے دن کے پہلے جملہ میں معنی دیا ہے۔ 'میں ابھی آرہا ہوں' یہاں آپ پوچھ سکتے ہیں کہ کیا اسکا مطلب ہے 'وہ ابھی آرہا ہے' نہیں ہوسکتا؟ جواب ہوگا 'ہوسکتا ہے' ٹھیک ہے۔ مان لیجئے کوئی آپ کے گھر آئے اور آپ سے آپ کے بھائی کے بارے میں پوچھے۔ آپ اندر جائیں گے اور اس کے دوست کے آنے کی اطلاع دیکر جلدی سے وہاں لوٹیں گے اور کہیں گے Just coming یہاں یہ پورا جملہ ہوگا۔ He is just coming.

پانچواں دن

۹. ان جملوں کو غور سے دیکھیئے (i) You speak English. (ii) Do you speak English? پہلا مثبت (positive) جملہ ہے، دوسرا سوالیہ (Interrogative) پہلے جملے میں معاون do (special) فعل شروع میں جوڑنے سے سوالیہ جملہ بن گیا ہے ایسے ہی do اور does معاون فعل جوڑ کر نیچے لکھے جملوں سے سوالیہ جملے بنایئے اور ان سوالیہ جملوں کا معنی اردو میں بھی لکھئے۔

(1) You go to school. (2) You play hockey. (3) She is back from office at 6 p.m. (4) Mother takes care of her children. (5) They go for a morning walk. (6) I always work hard.

۱۰. سوال ۱۱ میں چھپے مثبت جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔

۱۱. زمانۂ حال کے لئے کچھ دوسرے معاون فعل (Special Verbs) خاص ہیں۔ is, am, are, has, have. نیچے دیئے گئے جملوں میں انہیں کا استعمال ہوا ہے۔

(i) The moon *is* shining. — *Is* the moon shining?
(ii) We *are* listening to you. — *Are* we listening to you?
(iii) My father *has* gone out. — *Has* my father gone out?
(iv) I *have* seen it. — *Have* I seen it?

آمنے سامنے کے دونوں جملوں کو دیکھئے اور غور کیجئے کہ یہ positive سے Interrogative کیسے بنے ہیں کیونکہ is, are, am, has, have, یہ بھی special verb جملوں میں سب سے پہلے نکال کر رکھے جاتے ہیں۔ انہیں بولتے وقت لہجہ (tone) سوالیہ رکھا جاتا ہے۔

اب اوپر کے آٹھوں جملوں کا اردو میں ترجمہ کر کے پڑھئے۔

۱۲. نیچے دیئے جملوں کو سوالیہ بنایئے اور ساتھ ہی ان کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

(1) Someone *is* knocking at the door. (2) Your friends *are* enjoying themselves. (3) I *am* reading a comic. (4) It *is* Friday today. (5) Your hands *are* clean. (6) The train *has* just arrived. (7) We *have* studied English. (8) It *has* rained for two hours. (9) They *have* gone to bed. (10) You *have* already finished your dinner.

چھٹے سے نواں دن

۱۳. انگریزی میں چوبیس معاون فعل ہیں :

(i) do, does, did, is, are, am, was, were, has, have, had, will, shall; (ii) would, should, can, could, may, might, must, ought (to); (iii) need, dare, used (to).

(i) پہلے ۱۳ فعل اکثر Tenses میں کام آتے ہیں۔ ان کا استعمال آپ پانچویں، چھٹے و ساتویں دن میں دیکھ سکتے ہیں۔

(ii) would, should, could اور might کا تعارف آپ آٹھویں دن میں حاصل کر چکے ہیں۔ آپ نے دیکھا ہے کہ اکثر یہ بھی معاون فعل، اصل فعل کی مدد کرتے ہیں جیسے I may go: سوالیہ (Interrogative) جملہ بنانا ہو تو اکثر یہ سب جملہ کے شروع میں آجاتے ہیں جیسے: May I go? نفی (Negative) جملہ بنانا ہو تو ان معاون فعل کے بعد اور اصل فعل سے پہلے not جڑتا ہے جیسے: I may not go.

۱۴. نیچے دیئے گئے سوالیہ جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے:

(1) Must I tell you again? (2) Must she write first? (3) Can't you find your book? (4) Could they repair it for me? (5) Could you show me the way? (6) Won't she be able to get the cinema tickets? (7) Won't you be able to come to see us? (8) Should he go to bed early? (9) Should not the rich help the poor? (10) Dare I do it? (11) Need you be told to be careful? (12) May I have the room? (13) May I accompany you? (14) Should I ask him first? (15) Would you wait for a few minutes? (16) Did he give you money often?

۱۵. اب آپ جانتے ہیں کہ must, ought, need, dare, used (to) یہ معاون فعل (special verb) دوسرے افعال کے جیسے ہی استعمال میں آتے ہیں۔ نیچے کے مثبت (positive) اور نفی (Negative) جملوں کا ترجمہ کیجئے اور ساتھ ہی اس بات کو سمجھنے کی کوشش کیجئے کہ افعال کس طرح استعمال کئے جاتے ہیں۔

(1) I need a towel. (2) She needn't go to the bank. (3) You needed rest, didn't you? (4) I might go to Qutub Minar. (5) You needn't worry. (6) I ought to sleep now. (7) You needn't go there. (8) I must save money. (9) There isn't any need to discuss this. (10) He won't attend the meeting, will he?

۱۶. آگے سوال اور ان کے مختصر جواب دیئے گئے ہیں ان کی مشق کیجئے اس سے آپ نئے غیر معروف سوالوں کے جواب بھی دے سکیں گے

	(Question) سوال	**(Short Answer)** مختصر جواب
(1)	Can you speak correct English?	No, I can't.
(2)	Will you speak to her?	No, I won't.
(3)	Could they have gone there alone?	Yes, they could have.
(4)	Should I wait for you at the station?	No, you shouldn't.

(5)	Does she tell a lie?	No, she doesn't.
(6)	Do you speak the truth?	Yes, I do.
(7)	May we go now?	Yes, you may.
(8)	Weren't you off to the market?	Yes, I was.
(9)	Hadn't she finished her work?	Yes, she had.
(10)	Must they work hard?	No, they needn't.

١٧. سوالوں کے جوابات دو طرح سے دیئے جاسکتے ہیں۔(۱) مکمل (Complete) طور پر (۲) مختصر طور پر - مثلاً:

Q. Do you read English? (Question)
A. Yes, I read English. (Complete Answer)
A. Yes, I do. (Short Answer)

عام بات چیت میں مختصر جوابات ہی موزوں و مناسب ہوتے ہیں۔ جب بھی ہم جلدی میں ہوتے ہیں، فون پر بات کرتے ہیں یا دکان پر گاہکوں کے سوالوں کا جواب دیتے ہیں تو مختصر جواب ہی زیادہ موزوں اور بامعنی لگتے ہیں۔ اس سے بات چیت کی رفتار بھی تیز ہوتی ہے اور وقت کی بچت بھی۔

اب نیچے دیئے گئے جملوں سے 'مختصر جوابات والے جملے' بنائیے:

(1) No, I am not going there.
(2) Yes, I have written to her.
(3) No, she has not replied to my letter.
(4) Yes, madam, I woke up early.
(5) Yes, I ate chat.
(6) Yes sir, I was reading a book while walking.
(7) No, I had not gone to cinema.
(8) No, I shall not play.
(9) No, we shall not be coming again and again.
(10) No, she will not have gone.

١٨. نیچے دیئے گئے اردو کے جملوں کا انگریزی میں ترجمہ کیجئے۔ پھر نیچے الٹے چھپے انگریزی ترجمہ سے مقابلہ کیجئے:

١. کیا تم جانتے ہو؟ ٢. آپ اسے جانتے ہیں کیا؟ ٣. کیا آپ ان کا پتہ جانتے ہیں؟ ٤. چوٹ تو نہیں آئی؟ ٥. تمہیں کچھ اور کہنا ہے؟ ٦. کیا آپ ناراض ہیں؟ ٧. کیا آپ بازار جا رہے ہیں؟ ٨. کیا ٹماٹر تازے ہیں؟ ٩. کیا اس نے تمہارا مکان دیکھا ہے؟ ١٠. کیا اس کا کوئی خط آیا ہے؟ ١١. کیا وہ آپ کو جانتا تھا؟ ١٢. کیا آپ نے دوا لی؟ ١٣. کچھ ملا تمہیں کیا؟ ١٤. میں کچھ عرض کروں؟ ١٥. سب ٹھیک ٹھاک ہے؟ ١٦. کیا یہ سچ ہے؟ ١٧. کیا وہ آپ کو جانتی ہے؟ ١٨. کیا اب گھر جاؤں؟ ١٩. کیا ہم یہ رسالہ آپ کو منگوا دیں؟ ٢٠. آپ ایک مہربانی کریں؟ ٢١. آپ سیر کرنے چلیں گے؟ ٢٢. کیا یہ بس مدراس ہوٹل رکے گی؟ ٢٣. کیا اسے بلاؤں؟ ٢٤. کیا اس سے ملنے جاؤں گی؟ ٢٥. کیا تم ایک دن نہیں رہ سکتے؟ ٢٦. کیا تم اپنی کتاب ایک ہفتے کے لئے نہیں دے سکتے؟ ٢٧. کیا میں پرکاش سے مل سکتا ہوں؟

(1) Do you know? (2) Do you know him? (3) Do you know his address? (4) You haven't got hurt, have you? (5) Have you anything else to say? (6) Are you annoyed? (7) Are you going to the market? (8) Are the tomatoes fresh? (9) Has he seen your house? (10) Has he written to you? (11) Did he know you? (12) Have you taken the medicine? (13) Did you get something? (14) May I make a request? (15) Is everything fine? (16) Is it true? (17) Does she know you? (18) May I go home now? (19) Shall we get this magazine for you? (20) Will you do me a favour? (21) Will you go for a walk? (22) Will this bus stop at Madras Hotel? (23) Should I call him/her? (24) Should I visit him/her? (25) Can't you stay for a day? (26) Can't you lend me your book for a week? (27) Can I see Mr. Prakash?

نوٹ: اس طرح آپ انگریزی کے جملے خود بنائیں۔ آپ انہیں اپنے دوستوں اور جان پہچان والوں کے ساتھ بولنے کی مشق کریں۔

11 گیارھواں دن
th Day

دوسری منزل (2nd Expedition)

پچھلے دس دنوں میں آپ ایک منزل پر پہونچے تھے۔اب آپ کو اس سے آگے بڑھنا ہے۔اب تک ہم آپ کو انگریزی بول چال کی ابتدائی معلومات دے رہے تھے۔ اب گیارہویں دن ہم آپ کو ان سبھی باتوں سے واقف کرانا چاہتے ہیں جنہیں جانے بغیر آپ انگریزی زبان کے استعمال کو نہیں سمجھ سکتے۔آنے والے پانچ دنوں میں آپکو رومن رسم الخط کے حروف تہجی، الفاظ کی بناوٹ، املاء، رومن رسم الخط میں اردو لکھنا، انگریزی کے vowels اور consonants کے مخصوص تلفظ اور خاموش حروف (Silent letters) وغیرہ مضامین کے ضروری معلومات فراہم کی جائے گی۔اس کے بعد ۱۶ ویں سے ۱۹ ویں دن میں آپ سوالیہ جملے اور منفی جملوں کے متعلق جانکاری حاصل کریں گے۔آیئے شروع کریں دوسری مہم۔

رومن رسم الخط کے حروف تہجی

انگریزی کا رسم الخط 'رومن' ہے۔اور اردو کا رسم الخط 'فارسی' انگریزی میں A سے Z تک کل ۲۶ حروف ہوتے ہیں جبکہ اردو میں الف سے لیکر ے تک ۳۵ حروف ہوتے ہیں۔

انگریزی حروفِ تہجی میں حروف دو طرح کے ہوتے ہیں : بڑے (Capital) جیسے : A اور چھوٹے (small) جیسے : a وغیرہ پھر یہ سبھی حروف طباعت و کتابت کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔اس طرح سے حروف چار قسم کے ہوتے ہیں۔

(۱) طباعت کے بڑے (Capital) حروف (۲) طباعت کے چھوٹے (small) حروف (۳) لکھنے کے بڑے (Capital) حروف (۴) لکھنے کے چھوٹے (small) حروف۔

حروف تہجی (Alphabet)

رومن ترتیب سے

طباعت کے بڑے حروف (Capital Letters)

A	B	C	D	E	F
اے	بی	سی	ڈی	ای	ایف
G	H	I	J	K	L
جی	ایچ	آئی	جے	کے	ایل
M	N	O	P	Q	R
ایم	این	او	پی	کیو	آر
S	T	U	V	W	X
ایس	ٹی	یو	وی	ڈبلیو	ایکس
		Y	Z		
		وائی	زیڈ		

طباعت کے چھوٹے حروف (Small Letters)

a	b	c	d	e	f
اے	بی	سی	ڈی	ای	ایف
g	h	i	j	k	l
جی	ایچ	آئی	جے	کے	ایل
m	n	o	p	q	r
ایم	این	او	پی	کیو	آر
s	t	u	v	w	x
ایس	ٹی	یو	وی	ڈبلیو	ایکس
		y	z		
		وائی	زیڈ		

۱. درمیان کے دو لائنوں میں لکھے جانے والے حروف a, c, e, i, m, n, o, r, s, u, v, w, x, z = ۱۴ حروف

۲. اوپر کی لائنوں میں لکھے جانے والے حروف b, d, h, k, l, t = ۶ حروف

۳. چار لائنوں میں لکھے جانے والے حروف f = ایک حرف

۴. نیچے کے تین لائنوں میں لکھے جانے والے حروف g, j, p, q, y, = ۵ حروف

بہت سے لوگ انگریزی میں اپنے بدخط ہونے پر برا محسوس کرتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی تحریر اتنی خراب ہے کہ اس کو بہتر کیا ہی نہیں جاسکتا۔ کچھ لوگ اپنی تحریر سنوارنے کی کوشش کرتے ہیں اور انہیں خاطر خواہ کامیابی ملتی ہے۔ اس جیسی ہزاروں مثالیں آپ کو دیکھنے کو ملیں گی۔ لیکن خوبصورت تحریر کا راز کیا ہے؟ کیا آپ اس راز سے واقف ہیں؟

انگریزی کا رسم الخط رومن ہے۔ رومن بڑی stylish زبان ہے۔ اسکی تحریر کے کچھ اصول ہیں۔ اسکے حروف کی موٹائی کم اور زیادہ ہوتی ہے۔ آپ یہ مشق اچھی طرح سے کرلیں کہ کون کون سا حرف دو یا تین یا چار لائنوں میں لکھا جاتا ہے پہلے آپ اچھی طرح چار لائنوں والی کاپی پر مشق کیجئے۔ جب آپ کا ہاتھ چار لائنوں والی کاپی پر اچھی طرح عادی ہوجائے گا تب آپ اگر ایک لائن والی کاپی پر لکھیں گے تو بھی آپ کا ہاتھ اسی انداز میں ٹھیک چلے گا۔

مشق کرنے سے آپ دیکھیں گے کہ آپ کی تحریر پہلے سے کافی عمدہ ہوگئی ہے۔ گیارہویں دن کی یہ مشق شروع کریں۔ اور چار لائنوں والی کاپی میں ایک صفحہ روز لکھئے۔ خواہ آپ ہائی اسکول پاس ہوں یا گریجویٹ۔ اچھی بات سیکھنے کے لئے ہر عمر درست ہے صرف مضبوط ارادے کی ضرورت ہے۔ تحریر کو سنوارنے کی مہم شروع کیجئے ہماری نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔

انگریزی کے لکھے جانے والے حروف (Cursive Writing)

a b c d e f g h i j k l

m n o p q r s t u v

w x y z

برائے یادداشت (To Remember)

1. انگریزی میں بڑے (Capital) اور چھوٹے (Small) دو طرح کے حروف ہوتے ہیں۔ بڑے حروف کا استعمال جملے کے شروع میں، اسم معرفہ (جیسے Delhi) کے شروع میں ہوتا ہے۔ نیز الفاظ کے مختصر، مخفف شکل میں (جیسے ڈاکٹر Doctor) کا مختلف مہینوں اور دنوں کا نام (جیسے: Saturday, March) وغیرہ کے لئے ہوتا ہے۔ بڑے حروف کے ہونے سے زبان دیکھنے میں اچھی لگتی ہے (بارہویں دن میں اور دیکھیں)

سوچیے اگر انگریزی میں کیپٹل لیٹر (Capital Letter) نہ ہوں تو 'میں' کے لئے i لکھا جاتا 'I' نہیں۔

2. اردو لائن کے بیچ میں لکھی جاتی ہے جبکہ انگریزی لائن کے ٹھیک اوپر لکھی جاتی ہے۔

12 بارھواں دن
th Day

انگریزی کے حروفِ علت و حروف صحیح (Vowels and Consonants)

انگریزی میں واولس (Vowels) اور کانسونینٹس (Consonants) دو طرح کے الفاظ ہوتے ہیں۔ بڑے کیپٹل (Capital) اور چھوٹے اسمول (Small) ان کا بیان گیارہویں دن میں گزر چکا ہے۔ اب یہاں واولس (Vowels) اور کانسونینٹس (Consonants) کے مختلف تلفظ کے بارے میں بتایا جا رہا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ آپ اس کے حروف تہجی بھی سیکھیں گے۔

انگریزی میں پانچ حروف علت (واولس Vowels) ہیں اور حروف صحیح (کونسونینٹس Consonants) اکیس ہیں۔ یہ حروف اس طرح ہیں۔

Vowels : A E I O U

Consonants : B C D F G H J K L M N P Q R S T V W X Y Z

انگریزی میں کئی واولس (Vowels) اور کونسونینٹس (Consonants) کا اکیلے میں الگ تلفظ ہوتا ہے لیکن دوسرے الفاظ کے استعمال ہونے پر ان کا مختلف تلفظ ہو جاتا ہے۔ جیسے: G, H, L, M, N, P وغیرہ حروف اکیلے میں جی، ایچ، ایل، ایم، این، پی وغیرہ بولے جاتے ہیں۔ لیکن الفاظ میں ان کا تلفظ عام طور پر بالترتیب گ، ہ، ل، م، ن، پ، وغیرہ ہوتا ہے۔

انگریزی حروف کے تلفظ

انگریزی حروف تہجی کو بولنے میں جو تلفظ ہوتے ہیں وہ مثال کے طور پر اس طرح ہیں :

انگریزی حروف	آواز اور لفظ	انگریزی حروف	آواز اور لفظ
A (اے)	اے (مین Man)، آ (کار Car)	N (این)	ن (نوز Nose)
B (بی)	ب (بک Book)	O (او)	آ (اُ-اَو Our)، او (اوپن Open)
C (سی)	ک (کیٹ Cat)، س (سینٹ Cent)	P (پی)	پ (پوسٹ Post)
D (ڈی)	ڈ (ڈڈ Did)	Q (کیو)	ک (کوئک Quick)
E (ای)	ی (شی She)، اِ (مِن Men)	R (آر)	ر (ریمائنڈ Remind)
F (ایف)	ف (فٹ Foot)	S (ایس)	س (سینڈ Sand)
G (جی)	گ (گڈ Good)، ج (جورج George)	T (ٹی)	ٹ (ٹیچر Teacher)
H (ایچ)	ہ (ہین Hen)	U (یو)	اَ (اپ Up، کپ Cup)، یو (سیلوٹ Salute)
I (آئی)	ا (انڈیا India)، آئی (کائنڈ Kind)	V (وی)	و (ویلیو Value)
J (جے)	ج (جوک Joke)	W (ڈبلیو)	و (واک Walk)
K (کے)	ک (کک Kick)	X (ایکس)	ایکس (ایکسرے X-ray)
L (ایل)	ل (لیٹر Letter)	Y (وائی)	ی (ینگ Young)، آئی (مائی My)
M (ایم)	م (مین Man)	Z (زیڈ)	ز (زیبرا Zebra)

* q کے ساتھ ہمیشہ 'u' لگتا ہے : quick, cheque وغیرہ

انگریزی کے مخلوط الفاظ : ch (چ)، th (تھ،ٹھ)، ph (ف،پھ)، sh (ش)، gh (گھ،غ)، gh کے پہلے Vowel ہو تو gh کا لفظ خاموش (silent) ہوتا ہے۔جیسے: right (رائٹ) ورنہ 'گھ' ہوتا ہے۔جیسے : ghost (گھوسٹ) بھوت۔کبھی کبھی gh سے 'ف' کا بھی تلفظ ہوتا ہے۔جیسے۔ rough (رف)۔

بڑے اور چھوٹے حروف کا استعمال

انگریزی کے جملے کی تشکیل میں چھوٹے (Small) اور بڑے (Capital) دونوں حروف کا استعمال ہوتا ہے۔بڑے حروف (Capital) کا استعمال مندرجہ ذیل جگہوں پر ہوتا ہے :

۱. ہر جملے کا پہلا حرف	This is a box. When did you come? etc. etc.
۲. کسی اسم کا پہلا لفظ	The Ganges, The Taj, Mathura, Rehman etc.
۳. انگریزی شاعری کے ہر ایک مصرعے کے شروع میں	His coat is ragged, and blown away. He drops his head, and he knows not why?
۴. وہ الفاظ جو کسی بڑے مطلب کو مختصر کر کے لکھے جائیں	P.T.O., N.B.
۵. مہینے اور دنوں اور ہفتے کے نام کا پہلا حروف	January, March, Sunday, Monday etc.
۶. کسی آدمی کی ڈگری کا پہلا حرف	B.A., LL.B., M.Com. etc.
۷. خدا کے نام کے ساتھ اور اس کے استعمال میں آنے والے ضمیر کا پہلا حرف۔	God, Lord, He, His.
۸. انگریزی میں 'میں' کے لئے	How can I ever forget? what have you done for me?
۹. خط کے آغاز میں خطاب (Salutation) کا اور (Complementary clause) کا پہلا حرف	Dear Kavita/Aunt/Sir, Yours sincerely,/Affectionately yours,
۱۰. Quotation mark کے اندر جملہ شروع کرتے وقت، جملہ کا پہلا حرف	He said, "Don't forget to inform me about the date of your interview."

برائے یادداشت (To Remember)

(i) 'ک' کے لئے انگریزی حروف c, k, q استعمال ہوتے ہیں۔کہیں کہیں 'ک' کے لئے ck بھی (بلوک block) آتا ہے۔c کا تلفظ 'س' بھی ہوتا ہے (سیز Cease)

(ii) 'گ' کے لئے g آتا ہے۔گڈ (good) اور 'ج' کے لئے (jam) مگر بعض دفعہ 'ج' کے لئے (g) بھی آتا ہے۔جرم (germ)، جنریشن (generation)

(iii) 'و' کے لئے انگریزی میں وی (v) اور ڈبلو (w) آتا ہے۔ویری (very)، وال (wall)

(iv) 'ف' کے لئے ایف (f) استعمال کیا جاتا ہے، ph بھی انگریزی میں 'ف' کیلئے استعمال ہوتا ہے جیسے : Philosophy, fruit
لیکن انگریزی میں تلفظ ہمیشہ 'پھ' نہیں 'ف' ہوتا ہے۔

13th Day تیرھواں دن

(English Pronunciation) انگریزی میں تلفظ

انگریزی حروف علت (Vowels) کا تلفظ سمجھنا بھی بہت اہم ہے۔انگریزی حروف علت کے تلفظ بہت مختلف ہوتے ہیں۔جیسے A کا تلفظ آ،اَے،اے ہوتا ہے E کا اے،اور ای (کھینچ کر) I کا تلفظ ای،آئی،آو،آ،اُو،او،اَ،O کا تلفظ اَو، اُو، او،ے اور U کا تلفظ او اور اَے اُوغیرہ ہوتا ہے۔
یہاں آپ کو ان کی بڑی ہی دلچسپ اور پُر لطف واقفیت حاصل ہوگی۔

عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ لوگ انگریزی تلفظ میں بڑی بھول کرتے ہیں۔انگریزی زبان کے تلفظ کے کچھ ضوابط اور اصول ہیں جنہیں جاننا ہر انگریزی سیکھنے والے کے لئے ضروری ہے۔ہم پہلے واولس (Vowels) کے تلفظ کے بارے میں بتاتے ہیں۔
اس طرح آپ نے Vowels کے مختلف تلفظ کی معلومات حاصل کر لی ہے۔مشق کر کے آپ اسمیں مہارت حاصل کر سکتے ہیں۔آگے (Consonants) کے تلفظ پر روشنی ڈالی جائے گی۔

انگریزی حروف کے تلفظ

A کے تلفظ کے اصول

A(a) کے تلفظ یہ ہوتے ہیں : اے،آ، اَے

A=اے

ایک	An	(این)	پر	At	(ایٹ)
لڑکا	Lad	(لیڈ)	چوہا	Rat	(ریٹ)
آدمی	Man	(مین)	ٹھہرنا	Stand	(اسٹینڈ)
پاگل	Mad	(میڈ)	پابندی	Ban	(بین)

A = آ

تمام	All	(اول)	دیوار	Wall	(وال)
گرنا	Fall	(فول)	لڑائی	War	(وار)
بلانا	Call	(کول)	دور	Far	(فار)
چھوٹا	Small	(اسمول)	تارا	Star	(اسٹار)

A = آ اے ا

برتن	Ware	(ویئر)	حصہ بانٹنا	Share	(شیئر)
کرایا	Fare	(فیئر)	زیادہ	Spare	(اسپیئر)
ہمت کرنا	Dare	(ڈیئر)	پرواہ	Care	(کیئر)

Aاے

اگر A کے بعد Y یا I کا استعمال ہو تو اس کا تلفظ اے کی طرح ہوتا ہے۔
لیکن یہ 'اے' کچھ لمبا تلفظ دیتا ہے :۔

تنخواہ	Pay	(پے)	راستہ	Way	(وے)
قیام کرنا	Stay	(اسٹے)	خوشی	Gay	(گے)
دماغ	Brain	(برین)	خاص	Main	(مین)

E کے تلفظ کے اصول

E (e) کے عام طور پر یہ تلفظ ہوتے ہیں: یے،اے،ای اِی (کھینچ کر)

E = اے

جال	Net	(نیٹ)	آدمی (جمع)	Men	(مین)
بیچنا	Sell	(سیل)	تب	Then	(دین)
ٹانگ	Leg	(لیگ)	کب	When	(وین)
کنواں اچھا	Well	(ویل)	گیلا	Wet	(ویٹ)

E = ای

ہونا	Be	(بی)	ہم	We	(وی)
وہ	He	(ہی)	وہ (مونث)	She	(شی)

EE= ای (کھینچ کر)

دیکھنا	See	(سی)	رونا	Weep	(ویپ)
شہد کی مکھی	Bee	(بی)	سونا	Sleep	(سلیپ)

EA = ی

صاف	Clean	(کلین)	سمندر	Sea	(سی)
گوشت	Meat	(میٹ)	گرمی	Heat	(ہیٹ)

E کی اپنی کوئی آواز نہیں

اگر کسی لفظ کے آخر میں E آئے تو اس کا اپنا کوئی تلفظ نہیں ہوتا۔ اور اس سے پہلے آئے ایک یا زیادہ Consonants کو چھوڑ کر جو دوسرا واول (Vowel) ہوتا ہے اسکا تلفظ لمبا ہو جاتا ہے۔ نیچے پہلے آئے A, I, O, U کے ساتھ آخر میں دی گئی E کے استعمال کی مثالیں دی جاتی ہیں۔

(ا) اگر پہلے Vowel 'A' ہو تو (A) کا تلفظ 'ایے' ہوتا ہے اور E کی اپنی کوئی آواز نہیں ہوتی۔

شرم	Shame	(شیم)	نام	Name	(نیم)
لنگڑا	Lame	(لیم)	ویسا	Same	(سیم)

(ب) اگر پہلے Vowels 'I' ہو تو 'I' کا تلفظ 'آئی' ہوتا ہے اور آخری E کی کوئی آواز نہیں ہوتی۔

بیوی	Wife	(وائف)	نو	Nine	(نائن)
سفید	White	(وائٹ)	سطر، لکیر	Line	(لائن)

(ج) اگر پہلے واول (Vowel) O ہو تو O کا تلفظ او ہوتا ہے اور E کا کوئی تلفظ نہیں ہوتا۔

ناک	Nose	(نوز)	دھواں	Smoke	(اسموک)
امید	Hope	(ہوپ)	لطیفہ، مذاق	Joke	(جوک)

(د) اگر واول U ہو تب U کا تلفظ 'واؤ' یا 'یوٗ' ہوتا ہے اور آخری E کی آواز نہیں ہوتی۔

اصول	Rule	(رُول)	جون	June	(جون)
آواز	Tune	(ٹیون)	نلی	Tube	(ٹیوب)

EW = ایو

کچھ	Few	(فیو)	سینا	Sew	(سیو)
نیا	New	(نیو)	اوس	Dew	(ڈیو)

I کے تلفظ کے اصول

(i) آئی کے عام طور پر یہ تلفظ ہیں : ای، آئی۔ کبھی اے (a) جیسا بھی ہوتا ہے۔

I = اِ

بیمار	Ill	(اِل)	مار ڈالنا	Kill	(کِل)
بڑا	Big	(بِگ)	ساتھ	With	(وِد)
روشنائی	Ink	(اِنک)	جہاز	Ship	(شِپ)

I = آئی

مہربان	Kind	(کائنڈ)	نرم	Mild	(مائلڈ)
پیچھے	Behind	(بی ہائنڈ)	مائک	Mike	(مائیک)
باندھنا	Bind	(بائنڈ)	میل	Mile	(مائیل)

I = آئی/آیٔ

اگر I کے بعد GH آئے تو I کا تلفظ آئی (یا آیٔ) ہوتا ہے۔

ٹھیک	Right	(رائٹ)	روشنی	Light	(لائٹ)
نظر	Sight	(سائٹ)	اونچا	High	(ہائی)

I = اَ

کمپنی	Firm	(فرم)	اوّل	First	(فرسٹ)

I = ائے

آگ	Fire	(فائر)	تعریف	Admire	(ایڈمائر)

IE = ای ، EI = ی

مختصر	Brief	(بریف)	حاصل کرنا	Achieve	(اچیو)
گھیرا	Siege	(سیج)	وصول کرنا	Receive	(رسیو)
			دھوکا دینا	Deceive	(ڈیسو)

O کے تلفظ کے اصول

O (o) کا تلفظ عام طور پر یہ ہوتا ہے: آ، اُو، اوٗ، اَ

O = او

پر	On	(اون)	لومڑی	Fox	(فوکس)
گرم	Hot	(ہوٹ)	برتن	Pot	(پوٹ)
داغ	Spot	(اسپوٹ)	بالائی حصہ	Top	(ٹوپ)
گرنا، گرانا	Drop	(ڈروپ)	نقطہ	Dot	(ڈوٹ)
نرم	Soft	(سوفٹ)	نہیں	Not	(نوٹ)
خدا	God	(گوڈ)	پایا	Got	(گوٹ)

O = اُو

کھولنا	Open	(اوپن)	ایسا	So	(سو)
اُمید	Hope	(ہوپ)	نہیں	No	(نو)
بوڑھا	Old	(اولڈ)	سونا	Gold	(گولڈ)
گھر	Home	(ہوم)	سب سے زیادہ	Most	(موسٹ)
مذاق	Joke	(جوک)	ڈاک	Post	(پوسٹ)

OW = او

آگے W ہونے پر

لائن	Row	(رو)	دکھانا	Show	(شو)
تخم ریزی	Sow	(سو)	کوّا	Crow	(کرو)

OO = اُو

دیکھنا	Look	(لک)	کتاب	Book	(بک)
لیا	Took	(ٹک)	اچھا	Good	(گڈ)

OO = اُوْ

کمرہ	Room	(رؤم)	چاند	Moon	(مؤن)
جوتا	Boot	(بؤٹ)	دوپہر	Noon	(نؤن)
کرنا	Do	(ڈؤ)	جڑ	Root	(روٹ)

O = اَ

بیٹا	Son	(سَن)	آنا	Come	(کَم)

OW آؤ

کیسے	How	(ہاؤ)	اب	Now	(ناؤ)
			گائے	Cow	(کاؤ)

OY = آئے

خوشی	Joy	(جوائے)	لڑکا	Boy	(بوائے)
			کھلونا	Toy	(ٹوائے)

OU = آؤر

ہمارا	Our	(آؤر)	گھنٹہ	Hour	(آور)

یُو، (U) کے تلفظ کے قاعدے

U کے خاص تلفظ ہوتے ہیں : اَ، اُو، یُو، یو

U = اَ

اوپر	Up	(اَپ)	پیالہ	Cup	(کَپ)
جھونپڑی	Hut	(ہٹ)	مذاق	Fun	(فن)
کیچڑ	Mud	(مڈ)	سورج	Sun	(سن)

U = اُو

رکھنا	Put	(پُٹ)	دھکا دینا	Push	(پُش)
کھینچنا	Pull	(پُل)	بلّی	Puss	(پُس)

U = یُو، یو

پائیدار	Durable	(ڈیُو ریبل)			
فرض	Duty	(ڈیُوٹی)			
پکا، یقینی	Sure	(شیُور)	صاف	Pure	(پیور)

Y کے تلفظ کے اصول

کہیں کہیں حروف علت کا کام کرتا ہے دراصل پرانی انگریزی میں تو **Y** حروف علت تھا۔ لیکن اب آہستہ آہستہ اس کی جگہ آئی **I** نے لے لی ہے صرف کہیں کہیں اب بھی یہ واول کا کام کرتا ہے۔ جیسے :

Y = ای

ایک سے زیادہ شادیاں	Polygamy	(پولی گیمی)
سخت جرم	Felony	(فیلونی)
پالیسی، طریقہ، اصول	Policy	(پولیسی)

Y = آئے

میعادی بخار	Typhoid	(ٹائفائڈ)
ٹائر	Tyre	(ٹائر)

Y = آئی

خلیج	Dyke	(ڈائک)
خاندان	Dynasty	(ڈائینیسٹی)

اس طرح آپ نے Vowels کے مختلف تلفظ کی معلومات حاصل کر لی ہے۔ مشق کر کے آپ انمیں مہارت حاصل کر سکتے ہیں۔ آگے Consonants کے تلفظ پر روشنی ڈالی جائے گی۔

خاموش حروف (Silent Letters)

انگریزی کے بہت سے الفاظ میں کئی خاموش حروف ہوتے ہیں۔ حروف صحیح یا حروف علت دونوں میں سے کوئی بھی خاموش ہوسکتا ہے۔ اس کے متعلق مزید تفصیلات پندرہویں سبق میں دی گئی ہیں۔ نیچے خاموش الفاظ کی مثالیں آپ کے علم و مشق کے لئے دی جارہی ہیں۔

A Silent

(سیزر)	Caesar	رومن بادشاہ
(ہیموگلوبین)	Haemoglobin	لال خونی مادّہ

B Silent

(کرمس)	Crumbs	کھانا لقمہ
(انڈیٹڈ)	Indebted	مقروض
(پلمبر)	Plumber	نل مرمت کرنے والا
(سکم)	Succumb	ہارجانا، مرجانا

C Silent

(سیپٹر)	Sceptre	عصائے شاہی
(سیزرز)	Scissors	قینچی

D Silent

(بجٹ)	Budget	بجٹ
(برج)	Bridge	پل
(مجٹ)	Midget	بونا

G Silent

(بنائن)	Benign	ہمدرد، بے ضرر
(ڈیزائن)	Design	نمونہ
(ملائن)	Malign	بدنام

H Silent

(اونریری)	Honorary	اعزازی
(اونریریم)	Honorarium	اجرت بطورِ تعظیم

K Silent

(نائف)	Knife	چاقو
(نوک)	Knock	کھٹکھٹانا
(نکل)	Knuckle	انگلی کا جوڑ

L Silent

(آمز)	Alms	صدقہ، بھیک
(بام)	Balm	مرہم

P Silent

(سائکی)	Psyche	نفس
(سائیکی ٹرسٹ)	Psychiatrist	ماہرنفسیات

R Silent

(آئن)	Iron	لوہا، پریس
(ولڈ)	World	عالم

T Silent

(زار)	Tsar	روسی حکمراں
(فاسین)	Fasten	باندھنا
(نسل)	Nestle	پیار سے چپکانا

W Silent

(راتھ)	Wrath	غصہ
(ریپ)	Wrap	لپیٹنا
(ریک)	Wreck	توڑنا، ٹوٹا ہوا

برائے یادداشت (To Remember)

۱. Fan, Fall, Fail, Far. ان لفظوں میں بالترتیب a کا تلفظ فین(اَیے) فول (او)، فیل (اِیے)، فار (آ) ہوتا ہے۔ ایسے اور لفظ تلاش کیجئے اور عام اصول جاننے کی کوشش کیجئے۔

۲. Wet, Be, See ان لفظوں میں بالترتیب E کا تلفظ ویٹ، بی، سی، ہوتا ہے یعنی (اِے،ای،اِی) Shame, Line, Hope میں E کا تلفظ کچھ نہیں ہوتا۔ پہلا واول Vowel (بالترتیب a,i,o) کچھ اور لمبے ہوجاتے ہیں

۳. آئی کا تلفظ الف (اَ) بھی ہوتا ہے۔ کیا آپ کو پتہ ہے؟ دیکھئے Firm (فرم)۔ اس کے علاوہ آئی کا آئے تلفظ بھی ہوتا ہے جیسے : Fire (فائر)

۴. O کا تلفظ 'اَوٗ' اور U کا 'اوٗ' تو ہوتا ہی ہے اس کے علاوہ اِ بھی ہوتا ہے جیسا آپ جانتے ہیں۔ دیکھئے Son (سن) بیٹا، Sun (سن) سورج

۵. OO کا 'اوٗ' تو ہوتا ہے۔ Room (روٗم)۔ چھوٹا 'اُ' بھی ہوتا ہے۔ (Book بک، Look لک وغیرہ)

اس سبق کی بنیاد پر آپ بھی واول کے نئے تلفظ کتابوں میں ڈھونڈھتے رہنے کی عادت ڈالئے۔ آپ دیکھیں گے کہ آپ کے سامنے انگریزی زبان کے نئے نئے راز کھلتے جائیں گے۔ خاموش الفاظ کا بھی دھیان رکھیں۔

14 چودھواں دن
th Day

انگریزی میں حروف صحیح (Consonants) کے تلفظ

Vowels کی طرح انگریزی کے کچھ Consonants (حروف صحیح) کے تلفظ میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔ جیسے C کا تلفظ 'س' اور 'ک' ہوتا ہے۔ G کا 'گ' اور 'ج' S کا 'ز' 'ض' 'ظ' 'س' 'ش' T کا 'ش' 'چ' 'تھ' 'ذ' وغیرہ۔ یہ تلفظ ہوتے ہیں۔ اگر آپ دیئے گئے بیان کے مطابق انگریزی Consonant کے تلفظ پر تھوڑی سی توجہ کریں گے تو آپ کے لئے انگریزی لفظوں کے الفاظ کا مسئلہ نہیں رہ جائے گا۔

انگریزی زبان میں Consonants (حروف صحیح) یہ ہیں

B	C	D	F	G	H	J	K	L	M	N
ب	س	ڈ،د	ف	گ،ج	ہ	ج	ک	ل	م	ن

P	Q	R	S	T	V	W	X	Y	Z
پ	ق	ر	س	ٹ،ت	و	و	کس	ی	ذ،ز،ض،ظ

دراصل انگریزی کے ان حروف کا تلفظ تقریباً ویسا ہے ہوتا ہے جیسا کہ نیچے دیئے گئے اردو کے حروف کا ہوتا ہے۔ لیکن اگر انگریزی کے Consonants حروف کا صحیح تلفظ جاننا چاہتے ہیں تو ہم آپ سے صرف یہی کہنا چاہتے ہیں کہ اگر آپ ذرا گہری نظر سے آوازوں کو پہچاننے کی کوشش کریں گے تو آپ دیکھیں گے کہ ان سبھی انگریزی Consonants کا تلفظ مختلف ہوتا ہے۔

آپ کسی اہل زبان سے یعنی جس کی مادری زبان انگریزی ہو، کے منہ سے ان Consonants کا تلفظ سنیں گے تو اس نتیجہ پر پہونچیں گے کہ K, P, T, بالکل ک، پ، ٹ جیسے نہیں ہیں، یہ ک۔ کھ، پ۔ پھ، ت۔ ٹ کے درمیان کہیں بولے جاتے ہیں۔ اسی طرح 'J' 'ج' کی طرح نہ ہو کر کچھ کچھ ڈ (ڈجاب Job) کی طرح بولا جاتا ہے۔ مگر یہ اتنا ایک باریک فرق ہے کہ توجہ دینے پر ہی پکڑ میں آسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ ٹی، وی یا ریڈیو پر نشر ہونے والے خبرنامہ کو سنئے یا جب کوئی انگریز ٹیلی کاسٹ یا براڈ کاسٹ کر رہا ہو تو اس کی تقریر بغور سنئے اس طرح آپ اپنے تلفظ کو ٹھیک کر سکتے ہیں۔

اب R کو لیجئے ہم 'ر' بولتے ہیں تب زبان میں ایک تھرتھراہٹ پیدا ہوتی ہے،۔ ہم دھرم کہتے ہیں تب بھی 'ر' کہتے وقت زبان پر تھرتھری پیدا ہوتی ہے۔ انگریزی کے آر (R) کا کچھ ایسا ہی تلفظ ہے۔ Round, Real, Roll, Run اس کا فرق بھی آپ بار بار سُن کر ہی جان سکتے ہیں۔

R کے پہلے Vowel ہو اور R کے بعد حرف صحیح ہو تو یہ بہت ہلکے سے بولا جاتا ہے۔ اور کبھی بالکل خاموش رہتا ہے، اس سے پہلے کا کچھ واول کچھ لمبا کھنچ جاتا ہے۔ جیسے۔ Form فام، Arm آم، Art آٹ، وغیرہا۔ S کا تلفظ 'س' کی طرح تو ہوتا ہی ہے۔ لیکن 'س' ایسے بولا جاتا ہے جیسے سیٹی بجاتے وقت آواز نکلتی ہے Sweet سوئیٹ

C	F	H	L	M	N	Q	V	W	X	Y	Z
س،ک	ف	ہ	ل	م	ن	ق	و	و	کس	ی	ذ،ز،ض،ظ

ان Consonants کا تلفظ تقریباً اردو کے حروف کے تلفظ کی طرح ہی ہوتا ہے۔

F اور Ph دونوں حروف کا تلفظ 'ف' ہی ہوتا ہے جیسے فال (Fall) اور فلاسفی (philosophy) وغیرہ۔

حروف کی ترتیب بدل جانے سے تلفظ میں فرق

اردو میں 'س' وغیرہ کوئی بھی حرف کسی بھی ترتیب سے لکھا ہوا اس کا تلفظ وہی رہتا ہے لیکن انگریزی میں ایسا بالکل نہیں ہے۔ Cent کا تلفظ ہوتا ہے سینٹ مگر Cant کو کینٹ پڑھا جائے گا۔ ایسے الفاظ کے کچھ اصول آگے دیئے گئے ہیں۔

'C' کا تلفظ

C کے تلفظ ہیں : 'س' اور 'ک'

۱. C کے بعد E,I,Y آئے تو C کا تلفظ 'س' ہوگا۔ جیسے :

حاصل کرنا	Receive	(ریسیو)	چاول	Rice	(رائس)	فلم	Cinema	(سینما)
طوفان	Cyclone	(سائکلون)	بھتیجی	Niece	(نیس)	ٹکڑا	Piece	(پیس)
برفیلا	Icy	(آئیسی)	تقریب	Celebrate	(سلیبریٹ)	صدی	Century	(سینچوری)
سند	Certificate	(سرٹیفکیٹ)	گھیرا	Circle	(سرکل)	قومیت	Citizenship	(سٹی زن شپ)
طاقت	Force	(فورس)						

۲. C کے بعد A, O, U, K, R, T وغیرہ کوئی حرف ہو تو 'ک' ہوگا۔ جیسے :

چارپائی	Cot	(کوٹ)	ٹوپی	Cap	(کیپ)	گائے	Cow	(کاؤ)
بلی	Cat	(کیٹ)	امیدوار	Candidate	(کنڈیڈیٹ)	جانور	Cattle	(کیٹل)
پیٹھ	Back	(بیک)	مرغا	Cock	(کاک)	تالا	Lock	(لوک)
بندرگاہ	Dock	(ڈوک)	کاٹنا	Cutting	(کٹنگ)	کوسنا	Curse	(کرس)
رواج	Custom	(کسٹم)	ظالم، بے درد	Cruel	(کرویل)			

۳. کبھی کبھی C کے بعد IA یا EA ہو تو 'ش' کی آواز دیتے ہیں جیسے:

سماجی	Social	(سوشل)	سمندر	Ocean	(اوشن)	مغنی	Musician	(میوزیشن)

'G' کا تلفظ

'G' کے دو تلفظ ہیں : 'گ' اور 'ج'

۱. جب کسی لفظ کے اخیر میں 'GE' تو اس کا تلفظ 'ج' ہوتا ہے جیسے:

عمر	Age	(ایج)	صفحہ	Page	(پیج)	غصہ	Rage	(ریج)
پنجرا	Cage	(کیج)	درویش	Sage	(سیج)	آلہ پیمائش	Gauge	(گیج)

اسی طرح ان میں بھی 'ج' بولا جاتا ہے۔ جیسے:

ادرک	Ginger	(جنجر)	تخیل	Imagine	(امجن)	جرثومہ	Germ	(جرم)
کبوتر	Pigeon	(پجن)	لب ولباب	Gist	(جسٹ)	قیمتی پتھر	Gem	(جیم)

۲. باقی جگہوں پر اکثر 'گ' کا تلفظ ہوتا ہے۔ جیسے:

بڑا	Big	(بگ)	تھیلا	Bag	(بیگ)	لٹکانا	Hang	(ہینگ)
جاؤ	Go	(گو)	سونا	Gold	(گولڈ)	بھوک	Hunger	(ہنگر)
دینا	Give	(گیو)	انگلی	Finger	(فنگر)	بھولنا	Forget	(فورگیٹ)

'S' کا تلفظ

'S' کے خاص تین تلفظ ہیں : ز، ش، س

۱. لفظ کے آخر میں BE, G, GG, GE, IE, EF, Y وغیرہ آئیں تو ان کے بعد لگے S کا تلفظ 'ز' ہوتا ہے۔ جیسے:

قبیلے	Tribes	(ٹرائبز)	تھیلے	Bags	(بیگز)	انڈے	Eggs	(ایگز)
زمانہ/زمانے	Ages	(ایجز)	بہادر	Heroes	(ہیروز)	کہانیاں	Stories	(اسٹوریز)
روپے	Rupees	(روپیز)	کھلونے	Toys	(ٹوائز)	کرنیں	Rays	(ریز)

۲. کسی لفظ کے آخر میں F, P, KE, GHT, PE, TE وغیرہ حروف ہوں تو ان کے بعد لگے S کا تلفظ 'س' ہوتا ہے۔ جیسے :

چھتیں	Roofs	(روفس)	ٹکڑے	Chips	(چپس)	امیدیں	Hopes	(ہوپس)
ہونٹ	Lips	(لپس)	پتنگیں	Kites	(کائیٹس)	جہاز	Ships	(شپس)
مذاق	Jokes	(جوکس)	راتیں	Nights	(نائیٹس)			

۳. لفظ میں S یا SS کے بعد IA, ION ہوں تو 'ش' کی آواز دیتا ہے جیسے:

براعظم کا نام	Asia	(ایشیا)	وظیفہ	Pension	(پنشن)	مدت کار	Session	(سیشن)
حملہ	Aggression	(ایگریشن)	محل	Mansion	(منشن)	روس	Russia	(رشیا)

'T' کا تلفظ

'T' کی مختلف حالتوں میں یہ تلفظ ہوتے ہیں : ش، چ، تھ، دَ

۱. لفظ میں 'T' کے بعد IA, IE, IO وغیرہ ہوں تو 'T' کو 'ش' بولا جاتا ہے۔ جیسے :

شروع کا	Initial	(انی شیل)	مریض	Patient	(پیشنٹ)	تصویر	Illustration	(السٹریشن)
حصہ	Portion	(پورشن)	ترقی	Promotion	(پروموشن)	نسبت	Ratio	(ریشو)

۲. اگر لفظ میں S کے بعد TION آئے یا T کے بعد URE آئے تو T کا تلفظ 'چ' جیسا ہوتا ہے۔ جیسے :

سوال	Question	(کویشچن)	تہذیب	Culture	(کلچر)	قدرت	Nature	(نیچر)
مستقبل	Future	(فیوچر)	قید کرنا	Capture	(کیپچر)	تصویر	Picture	(پکچر)
جاندار	Creature	(کریچر)						

۳. اگر لفظ میں T کے بعد H ہو تو کبھی کبھی 'تھ' کی آواز ہوتی ہے اور بعض دفعہ 'دْ' کی آواز ہوتی ہے۔ جیسے :

th = تھ						th = د		
موٹا	Thick	(تھک)	دھاگا	Thread	(تھریڈ)	وہ	That	(دیٹ)
تین	Three	(تھری)	تب	Then	(دین)	وہاں	There	(دیئر)
پتلا	Thin	(تھن)				یہ	This	(دس)

۴. کئی بار TH اردو کے حرف 'ٹ' کی آواز بھی دیتا ہے جیسے :

ٹیمز ندی	Thames	(ٹیمس)	آدمی کا نام	Thomas	(ٹومس)

برائے یادداشت (To Remember)

The کو کئی لوگ 'دَ' بولتے ہیں کئی 'دی' دونوں صحیح ہیں۔ عام طور پر vowel سے شروع ہونے والے لفظ سے پہلے 'دِ' بولا جاتا ہے (جیسے: دِ ایگ، دِ آنسر وغیرہ) اور Consonant سے شروع ہونے والے لفظ سے پہلے 'دَ'۔ جیسے: دَ کیٹ، دَ ریٹ وغیرہ

15 پندرھواں دن th Day

(Silent Letters in Words) الفاظ میں خاموش حروف

انگریزی زبان میں کچھ الفاظ کے کچھ حرف خاموش (silent) ہوتے ہیں جن کا تلفظ پتہ نہ ہونے کی وجہ سے ہندوستان کے طالب علموں کے لئے ایک مسئلہ بن جاتا ہے۔
یہاں ایسے الفاظ کو بڑے دلچسپ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ آپ مطالعہ اور مشق کے ذریعہ ایسے الفاظ پر مہارت (mastery) حاصل کر سکتے ہیں۔

1

کیا الفاظ کا پہلا حرف بھی 'خاموش' ہوتا ہے؟

جی ہاں! کئی بار الفاظ کا پہلا حرف بھی خاموش (silent) ہوتا ہے۔ ان کو بولئے اور بچئے اور تلفظ کو یاد کیجئے :

نفسیات	Psychology	(سائیکولوجی)	لڑاکو جہاز	Gnat	(نیٹ)
لکھنا	Write	(رائٹ)	پھیپڑوں کی سوجن	Pneumonia	(نمونیا)
علم	Knowledge	(نالج)	عزت	Honour	(آنر)
			گھنٹہ	Hour	(آور)

آپ نے دیکھا کہ ان الفاظ کے پہلے حرف کا تلفظ نہیں ہوتا۔ اب اِن الفاظ کا تلفظ کریں :

Wrong, Know, Knitting, Honest, Psalm رونگ، نو، ننٹنگ، اونیسٹ، سام۔

اب دیکھئے کہ Knitting میں K اور دوسرے T کا تلفظ نہیں ہوا۔ بولنے میں Niting ہی آیا۔ اسی طرح Psalm میں P اور L دونوں Silent ہیں۔

2

High کا تلفظ ہے 'ہائی' اور **Right** کا تلفظ ہے 'رائٹ' اس بنیاد پر ان لفظوں کا تلفظ کریں :

Sigh	(آہ بھرنا)	Fight	(لڑائی)	Might	(طاقت)	Flight	(اڑان)
Thigh	(ران)	Light	(روشنی)	Night	(رات)	Delight	(خوشی)
Though	(اگرچہ)	Bright	(چمکیلا)	Tight	(کسا ہوا)	Knight	(بہادر)
Through	(ذریعہ)	Slight	(تھوڑا سا)	Fright	(ڈر)	Sight	(نظارہ)

ان خاموش الفاظ سے آپ اچھی طرح واقف ہو چکے ہیں۔ اچھا بتایئے ان میں کون سے دو حروف ہیں جو سب میں ایک ساتھ (Silent) ہیں۔ ٹھیک ہے 'gh' اور Knight میں K بھی Silent ہے۔

حسب ذیل الفاظ دیکھئے ان میں کون کون سے حروف خاموش (Silent) ہیں۔ پھر ان الفاظ کی اسپیلنگ ذہن نشین کرئے اور لکھ کر مشق کیجئے۔

B Silent			C Silent			G Silent		
(کوم)	Comb	کنگھا	(سینٹ)	Scent	عطر	(سائن)	Sign	نشان
(لیم)	Lamb	میمنہ	(سائینس)	Science	سائنس	(ڈیزائن)	Design	طرز، ڈھنگ
(تھم)	Thumb	انگوٹھا	(سین)	Scene	منظر	(ریزائن)	Resign	استعفیٰ دینا

H Silent

(آنر)	*Honour*	عزت
(آور)	*Hour*	گھنٹہ
(ٹامس)	Thomas	ٹامس

K Silent

(نوک)	Knock	کھٹکھٹانا
(نائف)	Knife	چاقو
(نوٹ)	Knot	گرہ

L Silent

(پام)	Palm	ہتھیلی
(کام)	Calm	سکون
(ہاف)	Half	نصف
(واک)	Walk	چلنا
(فوک)	Folk	گروہِ انسانی
(ٹاک)	Talk	گفتگو
(شُڈ)	Should	چاہیے
(وڈ)	Would	جائے گا
(کڈ)	Could	سکنا

N Silent

(آٹم)	Autumn	پت جھڑ
(کنڈم)	Condemn	مذمت کرنا
(ہائم)	Hymn	مناجات
(کالم)	Column	کالم
(ڈیم)	Damn	بددعا کرنا

T Silent

(ہیسن)	Hasten	جلدی کرنا
(لسن)	Listen	سننا
(آفن)	Often	اکثر
(سوفن)	Soften	نرم

U Silent

(گارڈ)	Guard	چوکیدار
(گیس)	Guess	اندازہ
(گیسٹ)	Guest	مہمان

W Silent

(رونگ)	Wrong	غلط
(آنسر)	Answer	جواب
(سورڈ)	Sword	تلوار

اوراب ذرا نیچے دیئے گئے انگریزی الفاظ کا تلفظ کر کے لطف اٹھائیے اور پتہ لگائیے کہ کون سا حرف خاموش (Silent) ہے؟

Asthma, Heir, Island, Doubt, Reign, Wrapper, Wednesday

جی نہیں یہ آستھما، ہیئر، از لینڈ، ڈاؤبٹ، ری اگن، وراپر، ویڈنس ڈے نہیں ہے۔ یہ ہیں ایزما (دمہ)، ایئر (وارث)، آئی لینڈ (جزیرہ)، ڈاؤٹ (شک)، رین (حکومت)، ریپر (لپیٹنے کا کاغذ یا کپڑا)، وینز ڈے (بدھ)۔

ایسے دوسرے بہت سے الفاظ کی مشق کیجیے اور کامیابی کی منزل کی طرف بڑھتے جائیے۔ لغت میں مزید الفاظ تلاش کیجیے۔

16 th Day سولھواں دن

سوالیہ جملے میں What, Who, How وغیرہ کا استعمال

درمیان میں رومن رسم الخط اور الفاظ کے تلفظ کا ذکر آ گیا تھا جن کی واقفیت بھی اشد ضروری تھی۔ آیئے اب پھر وہاں سے شروع کریں جہاں سے چھوڑا تھا۔ پچھلے آٹھویں دن میں ہم نے بیان کیا تھا کہ تینوں زمانوں کے جملوں میں معاون فعل کو سب سے پہلے لاکر سوالیہ جملے بناتے ہیں جیسے: ?Will you play ?Does he Know? Was Gopal reading وغیرہ۔ اب ہم اتنا اضافہ کریں گے کہ جب انہیں سوالیہ جملوں کے شروع میں ہی How,Which, When, Where, Why, What, Who, وغیرہ لگتے ہیں تو یہ جملے وسیع معنی دینے لگتے ہیں۔ ان کو آپ پہلے ایک ایک کرکے اور پھر ملی جلی شکل میں ۱۶ اویں ۱۸ اویں دن کے کورس میں پائیں گے۔ آیئے تو پھر شروع کریں۔

What **A**

		اردو	English	تلفظ
۱.	س :	تم کیا چاہتے ہو؟	Q. *What* do you want?	واٹ ڈویو وانٹ؟
	ج :	ایک گلاس دودھ۔	A. A glass of milk.	اے گلاس آف مِلک۔
۲.	س :	تم کیا لکھ رہے ہو؟	Q. *What* are you writing?	واٹ آر یو رائیٹنگ؟
	ج :	خط لکھ رہا ہوں۔	A. A letter.	اے لیٹر۔
۳.	س :	تم کیا کہنا چاہتے ہو؟	Q. *What* do you want to say?	واٹ ڈویو وانٹ ٹو سے؟
	ج :	کچھ نہیں۔	A. Nothing.	نتھنگ۔
۴.	س :	تمہارا کیا نام ہے؟	Q.**What's* your name?	واٹس یور نیم؟
	ج :	محمد خالد۔	A. Mohammed Khalid.	محمد خالد۔
۵.	س :	تمہارے والد کیا کام کرتے ہیں؟	Q. *What's* your father?	واٹس یور فادر؟
	ج :	میرے والد ایڈیٹر ہیں۔	A. He's an editor.	ہیز این ایڈیٹر۔
۶.	س :	تمہاری والدہ کیا کرتی ہیں؟	Q. *What's* your mother?	واٹس یور مدر؟
	ج :	میری والدہ گھر کا کام سنبھالتی ہیں۔	A. She is a housewife.	شی از اے ہاؤس وائف۔
۷.	س :	تم آج کل کیا کر رہی ہو؟	Q. *What* are you doing these days?	واٹ آر یو ڈوئنگ دیز ڈیز؟
	ج :	پڑھ رہی ہوں۔	A. Studying.	اسٹڈیئنگ۔
۸.	س :	تم نے آگرہ میں کیا دیکھا؟	Q. *What* have you seen in Agra?	واٹ ہیو یو سین ان آگرہ؟
	ج :	تاج محل۔	A. The Taj Mahal.	دَ تاج محل۔
۹.	س :	تم نے اپنے والد کو کیا لکھا؟	Q. *What* did you write to your father?	واٹ ڈڈ یو رائٹ ٹو یور فادر؟
	ج :	اپنے نتیجے کے بارے میں لکھا۔	A. About my result.	اباؤٹ مائی رزلٹ۔
۱۰.	س :	وہ ممبئی میں کیا کر رہی تھی؟	Q. *What* was she doing in Mumbai?	واٹ واز شی ڈوئنگ اِن ممبئی؟
	ج :	وہ ایک پرائمری اسکول میں معلمہ تھی۔	A. She was teaching in a primary school.	شی واز ٹیچنگ اِن اے پرائمری اسکول۔
۱۱.	س :	دسویں کلاس پاس کرکے تم کیا کروگے؟	Q. *What* do you intend doing after passing High School?	واٹ ڈو یو اِن ٹینڈ ڈوئنگ آفٹر پاسنگ ہائی اسکول؟

* 'What is' کا مخفف (Shortened form) What's ہے۔ What's کا بول چال میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔ اب لکھنے میں ان Shortened forms کا کافی استعمال ہونے لگا ہے۔ ایسی بکثرت مثالیں ہیں۔ it is کے لئے it's، you are کے لئے you're، I have کے لئے I've وغیرہ۔

		Urdu	English	Pronunciation
	ج :	آگے پڑھوں گا۔	**A.** I'll study further.	آئل اسٹڈی فردر۔

Who			**B**	
۱۲.	س :	آپ کون ہیں؟	**Q.** *Who* are you?	ہُو آر یُو؟
	ج :	میں ایک تاجر ہوں۔	**A.** I am a businessman.	آئی ایم اے بزنس مین۔
۱۳.	س :	وہ کون ہیں؟	**Q.** *Who* are they?	ہو آر دے؟
	ج :	وہ میرے رشتہ دار ہیں۔	**A.** They are my relatives.	دے آر مائی ریلیٹوز۔
۱۴.	س :	گیت کس نے گایا؟	**Q.** *Who* sang the song?	ہو سینگ دَ سونگ؟
	ج :	لتا نے۔	**A.** Lata did.	لتا ڈِڈ۔
۱۵.	س :	بازار کون جائے گا؟	**Q.** *Who* will go to the market?	ہو ول گو ٹو دَ مارکیٹ؟
	ج :	میں جاؤں گا۔	**A.** I will.	آئی وِل۔
۱۶.	س :	اِس کام کو کون کر سکتا ہے؟	**Q.** *Who* can do this work?	ہو کین ڈو دِس ورک؟
	ج :	نشاط۔	**A.** Nishat can.	نشاط کین۔
۱۷.	س :	اسے کس سے ملنا ہے؟	**Q.** *Whom* does she want to meet?	ہوم ڈزشی وانٹ ٹو میٹ؟
	ج :	اپنی ماں سے۔	**A.** Her mother.	ہر مدر۔
۱۸.	س :	اس مکان کا مالک کون ہے؟	**Q.** *Who* is the owner of this house?	ہو از دَ اونر آف دِس ہاؤس؟
	ج :	میرے والد صاحب۔	**A.** My father.	مائی فادر۔

How			**C**	
۱۹.	س :	وہ اسکول کیسے جاتا ہے؟	**Q.** *How* does he go to school?	ہاؤ ڈز ہی گو ٹو اسکول؟
	ج :	بس سے۔	**A.** By bus.	بائی بس۔
۲۰.	س :	آپ کے والد صاحب کیسے ہیں؟	**Q.** *How* is your father?	ہاؤ از یور فادر؟
	ج :	وہ ٹھیک نہیں ہیں۔	**A.** He's not well.	ہیز نوٹ ویل۔
۲۱.	س :	تم شملہ کیسے گئے؟	**Q.** *How* did you go to Shimla?	ہاؤ ڈِڈ یو گو ٹو شملہ؟
	ج :	ریل گاڑی سے۔	**A.** By train.	بائی ٹرین۔
۲۲.	س :	تم کیسے واپس ہوئے؟	**Q.** *How* did you return?	ہاؤ ڈِڈ یو ریٹرن؟
	ج :	بس سے	**A.** By bus.	بائی بس۔
۲۳.	س :	شملہ میں آپ کی صحت کیسی تھی؟	**Q.** *How* was your health in Shimla?	ہاؤ واز یور ہیلتھ اِن شملہ؟
	ج :	میں بالکل ٹھیک تھا۔	**A.** I was perfectly alright there.	آئی واز پرفیکٹلی اول رائٹ دیئر۔
۲۴.	س :	وہاں موسم کیسا تھا؟	**Q.** *How* was the weather there?	ہاؤ واز دَ ویدر دیئر؟
	ج :	کافی ٹھنڈا تھا۔	**A.** It was quite cold.	اِٹ واز کوآئٹ کولڈ۔
۲۵.	س :	آپ کے بیٹے کی کتنی عمر ہے؟	**Q.** *How* old is your son?	ہاؤ اولڈ از یور سن؟
	ج :	وہ بارہ سال کا ہے۔	**A.** He's twelve.	ہیز ٹویلو۔
۲۶.	س :	یہاں سے کناٹ پلیس کتنی دور ہے؟	**Q.** *How* far is Connaught Place from here?	ہاؤ فار از کناٹ پلیس فروم ہیئر؟
	ج :	تقریباً چھ کیلومیٹر۔	**A.** *About* six kilometres.	اباؤٹ سکس کیلومیٹرس۔

۲۷۔ س : اب تم کیسا محسوس کر رہے ہو؟ — **Q.** *How* are you feeling now? — ہاؤ آر یو فلنگ ناؤ؟

ج : پہلے سے بہت اچھا۔ — **A.** Much better. — مچ بیٹر۔

(To Remember) برائے یادداشت

A	B
1. What do you say?	I do not know what you say.
2. What did you say?	I do not remember what you said.
3. What had you said?	I do not remember what you had said.
4. What is this?	Tell me, what this is.
5. What was that?	Tell me, what that was.

A والے سوالیہ جملے ہیں۔ B والے سادہ ہیں۔ سوالیہ جملوں کو سادہ جملوں میں بدلنے کے لئے (۱) do, did وغیرہ ہٹ جاتے ہیں اور عام فعل استعمال ہوتا ہے جیسے: you say کا What do you say اور What did you say کا What you said وغیرہ۔ (۲) سوالیہ جملوں میں معاون فعل is, was, had وغیرہ ہوں تو وہ فعل object کے بعد چلے جاتے ہیں۔ اسی طرح سادہ جملوں کے سوالیہ جملے بنیں گے۔

A	B
1. I do not know *who* he is.	*Who* is he?
2. Tell me *whom* you want.	*Whom* do you want?
3. Tell me *whose* book that was.	*Whose* book was that?
4. I do not know *how* old you are.	*How* old are you?
5. Tell me *how* she knew.	*How* did she know?
6. You did not say *whom* you had promised.	*Whom* had you promised?

سوالیہ جملوں میں سے سادہ جملے اور سادہ جملوں سے سوالیہ بنانے کی مشق کیجیے، اور انہیں اونچی آواز سے بول کر ایک دوسرے کو سنائیے۔

17 سترھواں دن
th Day

سوالیہ جملوں کی ساخت میں Which, When, Where, Why وغیرہ کا استعمال

آپ گزشتہ اسباق میں What, Who, How لفظوں کا استعمال کرنا سیکھ چکے ہیں۔ اب یہاں پر When, Where, Which اور Why کا استعمال سیکھئے۔ Which کا استعمال عام طور پر بے جان چیزوں کے لئے کیا جاتا ہے۔ When وقت بتاتا ہے۔ اور Where سے جگہ کا پتہ چلتا ہے۔ اسی طرح Why وجہ بتاتا ہے۔ ان لفظوں کے استعمال کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ ان کے ساتھ do, did یا کوئی اور helping verb ضرور لگانا پڑتا ہے۔

Which — D

۱. س : تم نے کونسا گانا پسند کیا — لتا کا یا آشا کا؟
Q. *Which* song did you prefer — Lata's or Asha's? — وچ سونگ ڈڈ یو پریفر — لتاز اور آشاز؟

ج : مجھے وہی پسند ہے جو تمھیں پسند آیا ہے۔
A. I like what you have liked. — آئی لائک واٹ یو ہیو لائکڈ۔

۲. س : تم کونسی کتاب پڑھ رہے ہو؟
